DATE. ________ DAY. ________

نوٹس (سوالاً جواباً)

آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی

پیاری سیرت

مدرس: علامہ محمد محمود نقشبندی

طالب علم: محمد سلیمان عطاری

جامعۃ المدینہ فیضان

پیر پٹھان تونسہ شریف

درجہ: عامہ سال اول

سن 2024

آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیاری سیرت

پہلا باب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی ولادت

سوالات

سوال نمبر 1: انسان کی پیدائش کا بنیادی مقصد لکھیں؟

جواب: اللہ پاک کی عبادت اور اطاعت انسان کی پیدائش کا بنیادی مقصد ہے۔

سوال نمبر 2: اللہ نے انبیاء کرام علیہم السلام کو کیوں بھیجا؟

جواب: اللہ پاک کی عبادت اور اطاعت کو یاد دلانے اور انسان کو سیدھی راہ پر چلانے کیلئے مختلف زمانوں میں اللہ نے انبیاء کرام بھیجے

سوال نمبر 3: سب سے آخری نبی کون ہیں؟

جواب: سب سے آخر میں اللہ پاک نے اپنے پیارے حبیب جناب احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قیامت تک کیلئے تمام کائنات کی طرف نبی بنا کر بھیجا

سوال نمبر 4: دنیا کن معاشرتی برائیوں کی لپیٹ میں تھی؟

جواب: دنیا جہالت کے اندھیروں میں بھٹک رہی تھی کئی برائیوں نے دنیا کے سارے معاشروں کو اپنے لپیٹ میں رکھا تھا۔ ظلم و زیادتی، فحاشی و بے حیائی، لڑائی جھگڑا، جوا و شراب کی کثرت، قتل و غارتگری، جاہلانہ رسومات وغیرہ

سوال نمبر 5: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کے ساتھ کون سے واقعات رونما ہوئے؟

جواب: نوشیرواں کے عالیشان محل کا ہلنا اور اس کے چودہ کنگوروں کا گرنا، فارس میں مجوسیوں کے عبادت خانے کی صدیوں سے روشن آگ کا یکدم بجھ جانا۔ دریائے ساوہ کو جس میں بہتا پانی کا خشک ہو جانا

سوال نمبر 6: درود پاک کی فضیلت تحریر کیجئے؟

جواب: اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا فرمان عالیشان ہے۔

صَلُّوا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلَاتَکُمْ تَبْلُغُنِیْ حَیْثُ کُنْتُمْ

مجھ پر درود پاک پڑھا کرو بے شک تمہارا درود مجھ تک پہنچتا ہے چاہے تم جہاں بھی ہو

س 7: رسول اللہ صلی اللہ والہ وسلم کی ولادت سے کن کو خوشی ہوئی؟

ج: آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ولادت سے صرف آپ کی والدہ ہی خوشیوں سے مسرور نہیں ہوئیں بلکہ ہر غمزدوں اور درد کے مارے کے لبوں پر مسکراہٹیں پھیل گئیں

س 8: آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج: آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم عرب کے مشہور خاندان قریش کی شاخ بنو ہاشم سے تعلق رکھتے ہیں۔

س 9 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان کے بارے میں حدیث تحریر فرمائیے؟

ج اللہ پاک نے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے کنانہ کو عظمت والا بنایا اور کنانہ میں سے قریش کو چنا اور قریش میں سے بنو ہاشم کو منتخب فرمایا اور بنو ہاشم میں سے مجھ کو چن لیا۔

س 10 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کب ہوئی؟

واقعہ اصحاب فیل کے 55 دن کے بعد جب ربیع الاول کا مہینہ تھا بارہویں تاریخ تھی صبح صادق کی سہانی گھڑی تھی رات کی سیاہی چھٹ رہی تھی اور دن کا اجالا پھیلنے لگا تھا 571 عیسوی 20 اپریل کو مکہ میں ولادت ہوئی

11 حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سلسلہ نسب والد کی طرف سے تحریر کریں

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(1) بن عبداللہ (2) بن عبدالمطلب
(3) بن ہاشم (4) بن عبد مناف
(5) بن قصی (6) بن کلاب
(7) بن کعب (8) بن لوی
(9) بن غالب (10) بن فہر (11) بن مالک
(12) بن نضر (13) بن کنانہ (14) بن خزیمہ
(15) بن مدرکہ (16) بن الیاس (17) بن مضر
(18) بن نزار (19) بن معد (20) بن عدنان

Day: M T W T F S S Date: ____________

س12 حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نسب والدہ کی طرف سے تحریر کریں؟

ج حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بن آمنہ بنت وہب بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب۔

س13 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد گرامی کا تعارف لکھیں

ج آپ کے والد گرامی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ہیں۔ یہ سیرت و صورت دونوں میں بے مثال تھے ان کا وصال آپ کی ولادت سے قبل 25 سال کی عمر میں ہوا

س14 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ کا تعارف لکھیں؟

ج آپ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں یہ اپنے نسب و شرف میں قریش کے تمام خواتین میں سے افضل تھیں والد کے وصال کے بعد انہوں نے اپنے شہزادے کی پرورش کی

DATE. ________ DAY. ________

دوسرا باب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بچپن

Blessed childhood of the Holy prophet

سوالات و جوابات

1۔ مکہ کے معزز لوگوں کا رواج کیا تھا؟

مکہ کے معزز لوگوں کا رواج یہ تھا کہ بچوں کو ماں کی گود میں پلتا دیکھنے کی بجائے صحرا میں بھیجتے تھے۔ وجہ یہ تھی کہ وہ فصاحت و بلاغت میں قوی (مضبوط) ہو جائے۔

2۔ حضرت حلیمہ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

حضرت حلیمہ کا تعلق قبیلہ بنو سعد سے تھا۔

3۔ حضرت حلیمہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کتنے سال دودھ پلایا؟

حضرت حلیمہ سعدیہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دو سال تک دودھ پلایا۔

DATE. ________ DAY. ________

18 کتنی خوش قسمت خواتین نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلایا

حضرت بی بی حلیمہ کے علاوہ 6 خوش قسمت خواتین کو آقا کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو دودھ پلانے کا شرف حاصل ہوا

19 حضرت حلیمہ کے شوہر صاحبزادے اور صاحبزادیوں کا نام لکھیں

حضرت حلیمہ کے شوہر حضرت حارث رضی اللہ عنہ صاحبزادے عبداللہ بن حارث اور دو صاحبزادیاں انیسہ بنت حارث اور جدامہ بنت حارث ہیں

20 جدامہ بنت حارث کا تعارف لکھیں؟

جدامہ بنت حارث ہی شیما کے نام سے مشہور ہیں جو اللہ کے آخری نبی علیہ السلام کی بڑی رضاعی بہن ہیں اور آپ کو گود میں کھلاتی اور لوریاں دیتی تھیں

21 بچپن کا کوئی واقعہ تحریر کریں

حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہ جب حضور علیہ اسلام کو مکان سے لینے جانے گئیں تو کہتی ہیں میں نے دیکھا کہ آپ سفید ہی کپڑے میں لپٹے ہوئے ہیں۔ خوشبو مہک اُٹھ رہی ہیں۔ میں نے محسوس کیا کہ ان کی آنکھیں سے انوار نکل رہے ہیں اور آسمان کو چھو رہے ہیں

22 آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچپن میں انصاف کا بول بالا کیسے کیا

رسول کریم علیہ السلام اپنی رضاعی والدہ کا ایک طرف دودھ پیتے تھے دوسری طرف نہ پیتے اور اپنے بھائی کا حصہ چھوڑ دیتے تھے۔ اسطرح انصاف کا بول بالا کیا

23. حضرت حلیمہ کے شوہر کا نام تحریر کریں

حضرت حلیمہ کے شوہر کا نام حضرت حارث رضی اللہ عنہ ہے۔

24. حضرت حلیمہ کے شوہر گھر میں برکتیں دیکھ کیا کہا؟

حضرت حلیمہ کے شوہر نے گھر میں برکتیں دیکھ کر کہا حلیمہ تم بڑا ہی مبارک بچہ لائی ہو۔

25. حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب حضرت حلیمہ کے گھر آئے تو کیا برکتیں ہوئی؟

اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب سے حضرت حلیمہ کے گھر آئے تو ان کے جانور بڑھنے لگے۔ عزت میں اضافہ ہوا خیر و برکت نصیب ہونے لگی دن بدن ان انعامات اور برکات میں اضافہ ہوتا رہا اور خوشحالی کی زندگی بسر کرنے لگے۔

26. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کتنی عمر میں اٹھ کھڑے ہوئے؟

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم 3 ماہ کی عمر میں اٹھ کھڑے ہوئے

27. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کتنی عمر میں فصیح باتیں کرنا شروع کیں؟

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم 9 ماہ کی عمر میں فصیح باتیں کرنا شروع کیں۔

28. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتدائی حصہ میں کیا کلام فرمایا

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے ہر طرح کی حمد و تعریف اللہ کے لیے ہے۔

29. حضرت حلیمہ کے بیٹے نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا شان بیان فرمائی؟

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بڑی شان والے ہیں۔ جس جنگل میں جاتے ہیں جنگل ہرا بھرا ہو جاتا ہے۔ دھوپ میں ایک بادل آپ پر سایہ کرتا ہے۔ تھوڑا سا آٹا ہے ڈھیر کی طرح ہو جاتے ہیں۔

30. حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود کی کچھ برکتیں تحریر کیجئے

بی بی حلیمہ فرماتی ہیں۔ قبیلہ سعد نے قحط سے چھٹکارا حاصل کیا۔ 7 بکریوں سے 700 ہو گئیں۔ قبیلے کی بکریوں میں اضافہ ہوا۔ آپ کے جنگل میں جانے سے جنگل ہرا بھرا ہو جاتا۔

31. حضرت حلیمہ کی دلی مراد کیسے پوری ہوئی؟

مکہ میں ایک وبائی مرض کے پھیلنے کی وجہ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوبارہ حضرت حلیمہ کے گھر آ گئے۔ اس طرح حضرت حلیمہ کی دلی مراد پوری ہوئی۔

32. شق صدر کا کیا مطلب ہے؟

شق صدر کا مطلب سینے کو چیرنا

33. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں کتنی مرتبہ شق صدر ہوا تحریر کیجئے

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں چار مرتبہ شق صدر ہوا۔ پہلی مرتبہ ۴ سال کی عمر میں۔ دوسری مرتبہ دس برس۔ تیسری مرتبہ 40 مرتبہ۔ چوتھی مرتبہ معراج پر جانے

Day: M T W T F S S   Date: ________

تیسرا باب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لڑکپن

34 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر کتنی تھی جب آپ کی والدہ کا وصال ہوا؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر 06 سال تھی جب آپ کی والدہ کا انتقال ہوا۔

35 سفر میں حضرت آمنہ رضی اللہ عنہ کے علاوہ کون تھا؟

سفر میں حضرت آمنہ رضی اللہ عنہ کے علاوہ حضرت بی بی ام ایمن رضی اللہ عنہا تھی۔

36 آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا انتقال کس مقام پر ہوا؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا انتقال ابواء کے مقام پر ہوا۔

37 حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت ایمن رض نے کس کے سپرد کیا؟

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت ایمن رضی اللہ عنہا کو حضرت عبدالمطلب کے سپرد کیں۔

38 والدین کے وصال کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پرورش کس نے کی؟

والدین کے وصال کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پرورش حضرت ابو المطلب نے کی۔

39 حضرت عبدالمطلب رض کے تخت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

صحن کعبہ میں آپ رضی اللہ عنہ کے بیٹھنے کیلئے ایک تخت رکھا جاتا کسی لڑکے سے بڑے آدمی کی مجال نہ تھی اس پر قدم رکھتا لیکن اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لاتے تو بلا جھجک اپنے دادا جان کی جگہ پر بیٹھنے کیلئے آگے بڑھ جاتے

40 آپ صلی اللہ والہ وسلم کی عمر کتنی تھی جب آپ کے دادا کا انتقال ہوا؟

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر 8 سال ہوئی تو آپ کے دادا کا انتقال ہوا

41 ابوطالب نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بچپن کے بارے میں کیا فرمایا؟

ابوطالب نے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے بچپن کے بارے میں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کسی وقت بھی جھوٹ بولتے ہوں یا کبھی کسی کو دھوکہ دیا ہو یا کبھی کسی کو تکلیف پہنچائی ہو یا بیہودہ بچوں کے پاس کھیلنے گئے ہوں یا خلاف تہذیب بات کی۔ ہمیشہ خوش اخلاق اچھی عادتوں والے نرم گفتار بلند اعلیٰ درجہ کے پارسا اور پرہیزگار

42 حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ابوطالب کے گھر میں رہائش اختیار فرمائی تو کیا برکتیں ہوئیں؟

ابوطالب نے کہا کہ:
سرکار صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے میرے بچوں کا پیٹ نہ بھرتا لیکن جب سے حضور ان کے ساتھ کھانا تناول فرماتے تو سب بچوں کا پیٹ بھر جاتا تھا۔ اس لئے جب بھی میں اپنے بچوں کو کھانا دینا چاہتا تو کہتا ذرا ٹھہر جاؤ میرے بیٹے کو آنے دو۔

43 ابوطالب نے اپنے گھر میں برکتیں دیکھ کر کیا کہا؟

ابوطالب نے اپنے گھر میں برکتیں دیکھ کر کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری برکتوں کا کیا کہنا۔

44 یمن کا سفر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کب کیا؟

جب آپ کی عمر مبارک ۱۳ سال کی تھی تو آپ اپنے چچا کے ساتھ تجارت کے لئے یمن کی طرف سفر کیلئے نکلے

DATE. ________ DAY. ________

45 حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں کہاں تجارتی سفر کیے؟

آپ اللہ کے آخری نبی علیہ السلام نے 10 سال کی عمر میں یمن کی طرف سفر کیا۔

12 برس کی عمر میں شام کی طرف پہلا تجارتی سفر کیا۔

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ کیلئے دو سفر یمن کی طرف کیے۔ جرش (یمن کا ایک مقام) کی طرف دوبارہ سفر کیا۔

حلف الفضول کا واقعہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے۔

شہر زبید کا ایک شخص اپنا مال بیچنے مکہ شہر میں آیا۔ عاص بن وائل نام کے ایک شخص نے اس سے مال خریدا مگر قیمت نہ دی۔ اس نے تاجر کچھ قبیلوں سے فریاد کی مگر کسی نے اس کی مدد نہ کی۔ پھر وہ جبل ابی قبیس پر چڑھ گیا۔ اور سب سے فریاد کی اس پر کچھ قریش کے کچھ صلح پسند لوگوں نے ایک اصلاحی تحریک چلائی۔ قریش کے بڑے بڑے سردار عبداللہ بن جدعان کے گھر پر جمع ہوئے۔ وہاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا زبیر بن عبدالمطلب نے یہ رائے پیش کی کہ ہمیں باہمی معاہدہ کرنا چاہیے

DATE. ______ DAY. ______

چنانچہ قریش کے سرداروں نے ایک معاہدہ کیا اور یہ ارادہ کر لیا کہ ہم بے انصافی کا خاتمہ، مسافروں کی حفاظت غریبوں کی امداد مظلوم کی حمایت اور ظالم کا محاسبہ کریں گے۔ اس معاہدہ میں آپ بھی شریک ہوئے۔ اعلان نبوت کے بعد بھی آپ اس معاہدہ میں شرکت پر مسرت بھی کرتے اور فرماتے۔ اس معاہدہ سے مجھے اتنی خوشی ہوتی اگر اس معاہدہ کے بدلے مجھے کوئی سرخ رنگ کے اونٹ بھی دیتا تو مجھے اتنی خوشی نہ ہو۔ آج بھی اگر اس معاہدہ کے تحت مدد کیلئے بلاتا تو میں مدد کرتا

47 حلف الفضول کو اس نام سے کیوں موسوم کیا گیا؟

اس کی وجہ یہ ہے کہ بہت پہلے مکہ میں ایک معاہدہ ہوا تھا۔ اس معاہدہ کا سبب بننے والوں میں سب کے نام فضل تھے۔ اسی وجہ سے اس معاہدہ کا نام حلف الفضول ہے یعنی ان چند آدمیوں کے معاہدہ جن کے نام فضل تھے۔

48 یمن کا سفر میں کیا واقعہ پیش آیا؟

یمن کے راستے میں ایک عجیب واقعہ ہوا کہ کسی وادی میں ایک اونٹ لوگوں کو گزرنے سے روک رہا تھا جب اس اونٹ نے آپ کو دیکھا تو بیٹھ گیا اپنا سینہ زمین پر رگڑنے لگا تو آپ اپنے اونٹ سے اتر کر اس پر سوار ہوئے اور جب وادی کے دوسری طرف پہنچ گئے تو اس اونٹ کو چھوڑ دیا۔ جب سفر سے لوٹے تو دیکھا کہ وادی پانی سے بھری ہوئی ہے آپ نے فرمایا: تم میرے پیچھے آجاؤ آپ اس وادی میں تشریف لے گئے اور سب قریش آپ کے پیچھے چلنے لگے اللہ پاک نے پانی خشک فرما دیا جب لوگ مکہ واپس آئے تو سب کو سنایا جسے سن کر انہوں نے کہا کہ یہ بچے کی شان نرالی ہے۔

49 آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر کتنی تھی جب آپ نے شام کا پہلا تجارتی سفر کیا؟

آپ کی عمر مبارک 12 سال تھی آپ نے اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ شام کا سفر کیا

50 بحیرا کون تھا؟

بحیرا ایک راہب تھا جس کا اصل نام برجیس تھا۔

51 بحیرا نے نبوت دیکھ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کیا فرمایا؟

بحیرا نے ہاتھ دیکھ کر یہ اعلان کرنے لگا: یہ تمام جہانوں کے سردار ہیں یہ رب العالمین کے رسول ہیں اللہ کریم نے انہیں رحمۃ للعالمین (تمام جہانوں کیلئے رحمت) بنا کر بھیجے گا۔

چوتھا باب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جوانی

Blessed youth of the Holy prophet

سوالات جوابات

52 آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب کیا تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب "صادق وامین" تھا

53 مکہ کی معزز اور مالدار خاتون کا نام لکھیں؟

مکہ کی معزز اور مالدار خاتون کا نام خدیجہ تھا۔

54 حضرت خدیجہ نے کن کو اور کہاں تجارت کیلئے بھیجا؟

حضرت خدیجہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو شام کی طرف تجارت کیلئے بھیجا

55 حضرت خدیجہ کے غلام کا نام تحریر کریں؟

حضرت خدیجہ کے غلام کا نام میسرہ تھا۔

56 آپ صلی اللہ علیہ وسلم تجارت کے سفر کے دوران کہاں ٹھہرے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم تجارت کے دوران نسطورا راہب کے عبادت گاہ کے قریب ٹھہرے. درخت کے نیچے ٹھہرے

Day: M T W T F S S   Date: ____

57 میسرہ سے نسطورا راہب نے کیا دریافت کیا؟

میسرہ سے نسطورا نے دریافت کیا کہ یہ کون ہیں میسرہ نے کہا کہ ان کا نام محمد ہے اور لقب امین ہے۔ آج تک اس درخت کے نیچے نبی کے علاوہ کوئی نہ اترا۔

58 نسطورا راہب نے میسرہ سے کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں پوچھا؟

نسطورا راہب نے میسرہ سے پوچھا: کیا ان کی آنکھوں میں سرخی ہوتی ہے۔ میسرہ نے جواب ہاں اور وہ ہر وقت رہتی ہے۔ نسطورا نے کہا کہ یہی اللہ کے آخری نبی ہیں۔

59 حضرت خدیجہ کے دل میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے کیوں محبت و عقیدت پیدا ہوئی؟

حضرت خدیجہ نے دیکھا کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دو فرشتے دھوپ سے سایہ کئے ہوئے ہیں۔ اس منظر نے حضرت خدیجہ کے دل پر گہرا اثر کیا۔ کچھ دن کے بعد میسرہ سے اس بات کا ذکر کیا تو میسرہ نے بتایا کہ میں تو پورے سفر میں اسطرح کے مناظر دیکھتا رہا۔ اور نسطورا کا واقعہ بیان کیا اسطرح حضرت خدیجہ کے دل میں محبت و عقیدت پیدا ہوئی۔

60 حضرت خدیجہ کا تعارف لکھیں؟

حضرت خدیجہ قبلہ کی مالدار اور انتہائی محترم و معزز خاتون تھیں۔ آپ کا تعلق قبیلہ قریش کی شاخ بنو اسد بن عبد العزی سے تھا۔ ان کا سلسلہ تین واسطوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملتا ہے اہل قبیلہ انہیں ان کی پاکدامنی کی وجہ سے طاہرہ یعنی پاکباز کے لقب سے یاد کرتے تھے۔

61 حضرت خدیجہ نے کتنی شادیاں کیں؟

حضرت خدیجہ نے دو شادیاں کیں تھیں اور ان کے دونوں شوہر انتقال کر گئے تھے

62 حضرت خدیجہ نے کس کے ذریعے نکاح کا پیغام بھجوایا؟

حضرت خدیجہ نے اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پھوپھی حضرت صفیہ کے ذریعے نکاح کا پیغام بھجوایا۔

63 حضرت خدیجہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیوں نکاح کیا؟

حضرت خدیجہ نے کہا: میں نے آپ کے اچھے اخلاق اور آپ کی سچائی کی وجہ سے آپ کو پسند کیا۔

64 حضرت خدیجہ کے نکاح کا حق مہر کیا تھا؟

حضرت خدیجہ کے نکاح میں حضرت ابوطالب نے اپنے مال سے بیس اونٹ حق مہر مقرر کیا گیا۔

65 کعبہ دوبارہ کیوں تعمیر کیا گیا؟

حرم کعبہ میں زبردست بارش ہوئی سیلابی پانی آیا اس سے کعبہ کی دیواریں کا کچھ حصہ گر گئیں۔ اور دوبارہ تعمیر

66 حجر اسود کے اختلاف کو ختم کیوں کریں؟

جب حجر اسود رکھنے کا مرحلہ آیا تو قبیلوں نے سر اٹھانا شروع کر دیا۔ قبیلوں کا آپس میں سخت اختلاف ہو گیا۔ ہر قبیلے کی خواہش تھی کہ حجر اسود کو نصب کرنے کا اعزاز اسے حاصل ہو۔ اگر رکاوٹ قبیلہ اس میں رکاوٹ بنے تو تلوار کے زور سے اس کا راستہ روکا جائے

Day: M T W T F S S

Date:

پانچواں باب

وحی اور تبلیغ اسلام کے مراحل

Divine Revelation and the Stages of preaching Islam

سوالات جوابات

67) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عبادت کیلئے کہاں جاتے تھے؟

غار حرا میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محبت الٰہی اور عبادت الٰہی کا ذوق مکی زندگی کی مصروفیات سے نکل کر چلے جاتے تھے۔ وہاں اکیلے اللہ کی عبادت کرتے تھے۔

68) غار حرا کہاں واقع ہے؟

کعبہ شریف سے تھوڑی دوری پر واقع غار حرا ہے۔

69) کھانا ختم ہونے کی صورت میں کھانا کون پہنچاتا تھا؟

جب کھانا پانی ختم ہوتا تو کبھی خود گھر پر آکر لے جاتے اور کبھی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا وہاں پہنچا دیا کرتیں۔

70) وحی کی ابتداء میں خوابوں کی تعبیر کیسے واضح ہوا کرتی تھی؟

وحی کی ابتدا سچے خوابوں سے ہوئی آپ رات کو نیند کی حالت میں جو خواب دیکھتے بعد میں اس کی تعبیر یوں واضح ہو جاتی جیسے دن کا اجالا اور سورج کی روشنی۔

Best Quality Notes   Hafiz: Copy

71 وحی کس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف پہنچائی؟

رات کے وقت تمام فرشتوں کے سردار حضرت جبرائیل امین علیہ السلام نے رب کا پہلا روح پرور پیغام بصورت وحی کا پیغام پہنچایا۔

72 وحی کے عرصہ کے بعد کا واقعہ تحریر کریں؟

کچھ عرصہ بعد آپ کہیں جا رہے تھے کہ کسی نے یا محمد کہہ کر پکارا۔ آپ نے آسمان کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا تو حضرت جبریل جو غار میں آئے تھے اب زمین و آسمان کے درمیان کرسی پر بیٹھے ہیں۔ آپ پر خوف طاری ہوا آپ گھر آئے کو کمبل اوڑھ کر لیٹ گئے۔

73 آیات کریمہ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی اس کا ترجمہ تحریر کریں؟

ترجمہ: یعنی اے بالا پوش اوڑھنے والے کھڑے ہو جاؤ پھر ڈر سنا دو اور اپنے رب ہی کی بڑائی بولو اور اپنے کپڑے پاک رکھو اور بتوں سے دور رہو۔

74 غار حرا کا تعارف لکھیں؟

غار حرا مسجد حرام سے تقریباً ۴ کلومیٹر کے فاصلے پر جبل نامی پہاڑ میں واقع ہے۔ غار زمین سے تقریباً ۵۰۰ میٹر سے زیادہ بلندی پر ہے

75 غار حرا کی لمبائی اور چوڑائی لکھیں

غار حرا کی لمبائی تقریباً ۴ میٹر اور چوڑائی 1.5 میٹر ہے۔

Day: M T W T F S S

Date:

غار حرا کی خاصیت تحریر کریں

غار حرا کے اندر سے خانہ کعبہ کا نظارہ براہ راست ممکن ہے جبکہ یہ ایسے رخ پر ہے کہ سورج کی شعاعیں اس کے اندر داخل نہیں ہوتیں۔

سرکار علیہ السلام کے دادا کہاں عبادت کرتے تھے

سرکار علیہ السلام کے دادا عبدالمطلب بھی رمضان کے مہینے میں اسی غار حرا میں قیام دن کرتے تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جب آیات کریمہ نازل ہوئی تو آپ نے کیا کیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے رب کا حکم ملتے ہی آپ نے حق کا علم بلند کرنے اور دنیا کو نور توحید سے منور کرنے کا ارادہ کیا۔

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں نیا انقلاب پیدا ہوا آپ کی عمر کتنی تھی؟

اس وقت آپ کی عمر ۴۰ سال تھی۔

21-9-2026

بارک اللہ فی علمک وعملک وادبک

Best Quality Notes Hafiz: Copy

Day: M T W T F S S

Date:

80 اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خفیہ طور پر کن لوگوں کو دعوت دی؟

آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے خفیہ طور پر ان لوگوں کو دعوت اسلام دی جن پر آپ کو اعتماد تھا اور جو آپ کے حالات سے واقف تھے۔

81 عورتوں، آزاد مردوں، لڑکوں، غلاموں میں کن خوش قسمت لوگوں نے اسلام قبول کیا؟

عورتوں میں حضرت خدیجہ، آزاد مردوں میں حضرت ابوبکر صدیق، لڑکوں میں حضرت علی بن ابو طالب، آزاد کردہ غلاموں میں حضرت زید بن حارثہ اور غلاموں میں حضرت بلال رضی اللہ عنہم نے ایمان قبول کیا۔

82 کتنے عرصے میں مسلمانوں کی جماعت تیار ہوئی

تین سال عرصے میں مسلمانوں کی ایک جماعت تیار ہوئی۔

83 اس دوران کہاں پر نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم تربیت فرماتے تھے؟

اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم دارِ ارقم میں تربیت فرماتے تھے

84 تین سال بعد کون سی آیت نازل ہوئی؟

اس دوران یہ آیت نازل ہوئی۔
ترجمہ: اور اے محبوب اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤ۔

85 کون سے پہاڑ پر چڑھ کر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کو دعوت دی؟

صفا پہاڑ کی پر چڑھ کر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش والوں کو دعوت دی۔

Day: M T W T F S S Date: ______

86 قبیلہ قریش کو جمع کر کے کیا فرمایا؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
اے میری قوم اگر میں تم لوگوں سے یہ کہہ دوں کہ اس پہاڑ کے پیچھے ایک لشکر چھپا ہوا ہے جو تم پر حملہ کرنے والا ہے تو کیا تم لوگ میری بات کا یقین کرو گے؟ تو سب نے ایک زبان ہو کر کہا ہاں! ہاں! ہم اس بات پر یقین کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا تو پھر میں تم لوگوں کو عذاب الہی سے ڈراتا ہوں اور اگر تم لوگ ایمان نہ لاؤ گے تو تم پر اللہ کا عذاب آئے گا۔

87 آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت پر قریش نے کیا جواب دیا؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت دی تو جواب میں سب کو قریش والے ناراض ہو کر چلے گئے اور بد زبانی کرنے لگے۔

88 ابو لہب نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت پر کیا کہا؟

ابو لہب نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت دی تو ابو لہب آپ کی شان میں بد زبانی کرنے آپ نے تو اس گستاخی کا کوئی جواب نہ دیا۔ لیکن اللہ نے اس کی موقع میں قرآن میں سورت لہب اتار دی

89 اعلان نبوت کے چوتھے سال کون سی آیت کونسی سورت کی نازل ہوئی؟

اعلان نبوت کے چوتھے سال یہ آیت نازل ہوئی
ترجمہ: تو علانیہ کہہ دو جس بات کا تمہیں حکم ہے اور مشرکوں سے منہ پھیر لو
(پ ۱۴ الحجر ۹۴)

Day: M T W T F S S Date: ____________

90 آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو کتنے عرصے میں کھلم کھلا تبلیغ کرنے کا حکم ملا؟

اعلان نبوت کے چوتھے سال آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو کھلم کھلا تبلیغ کرنے کا حکم ملا اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلانیہ طور پر دین اسلام کی تبلیغ فرمانے لگے اور شرک و بت پرستی کی کھلم کھلا بیان فرمانے لگے۔

شاباش 23-9-202[illegible]

چھٹا باب

کفار کے مظالم اور ہجرت حبشہ

Brutality of disbelievers and migration to Abyssinia

سوالات جوابات

91 کفار مکہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو کیا کہتے تھے

کفار مکہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو کاہن جادوگر پاگل دیوانہ کہتے ہیں

92 کفار مکہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی عظمت کو کیسے نشانہ بنایا؟

کفار مکہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی عظمت نشان پر گستاخانہ جملے بکتے پھبتیاں کستے کبھی کوڑا کرکٹ اٹھا لے تو کبھی دروازہ رحمت پر جانوروں کا خون ڈالتے کبھی راستوں میں کانٹے بچھاتے اور کبھی یوں انکو نشانہ بناتے۔

93 عقبہ نامی کافر نے نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پیٹھ پر کیا رکھا؟

عقبہ نامی کافر نے جب نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم حرم کعبہ میں نماز پڑھ رہے تھے تو اسی حالت میں مبارک پیٹھ پر بچہ دان رکھ دیا۔ یہ دیکھ کر کافر ہنسے اور خوشی سے پاگل ہو رہے تھے۔ پھر بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں اور بچہ دان کو وہاں سے ہٹایا۔

94 عقبہ نامی کافر نے کیسے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے گلے میں چادر کا پھندہ ڈالا؟

جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حرم کعبہ میں نماز پڑھ رہے تھے کہ عقبہ نامی کافر نے گلے میں چادر کا پھندہ ڈالا۔

لگتا اور زور سے کھینچا جس سے آپ کا دم گھٹنے لگا
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ دیکھا تو اس کافر
کو دھکا دے کر ہٹایا۔

95 **کیا نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ پر کافروں نے ظلم کیے؟**

جی ہاں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ پر کافروں
نے بے حد ظلم کیا۔

96 **حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے خطبہ پر کافروں نے کیا کیا؟**

ایک دفعہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حرم کعبہ
میں خطبہ دینا شروع کیا یہ دیکھ مشرکین و کفار مسلمانوں
پر ٹوٹ پڑے حضرت ابوبکر صدیق کو اتنا مارا کہ
آپ کے چہرہ خون سے بھر گیا ناک کان بے پہچان
ہو گئے۔ آپ کا پہچان میں نہ آتا تھا۔

97 **حضرت خباب رضی اللہ عنہ پر کافروں نے کیا ظلم کیے؟**

جب حضرت خباب رضی اللہ عنہ اسلام لائے تو
کفار نے آپ پر بے حد ظلم کیا۔ یہاں تک کہ آپ
کو انگاروں پر چت لٹایا اور ایک شخص آپ کے
سینے پر پاؤں رکھ کر کھڑا ہو جاتا یہاں تک کہ
ان کی پیٹھ سے پگھلنے والی چربی سے کوئلے بجھ جاتے تھے
زندگی بھر ان کی پیٹھ پر ان کوئلوں کے داغ رہے

98 **کافروں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ پر کیا تشدد کیا؟**

کافروں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے گلے میں
رسی باندھ کر بازاروں میں گھسیٹا۔ ان کی پیٹھ پر
لاٹھیوں کی بارش کی جاتی۔ دوپہر کے وقت
تیز دھوپ میں گرم گرم ریت ان کو لٹا کر

Day: M T W T F S S　　　　Date:

اس ہاری بھی ان کی چھاتی پر رکھ دیا جاتا تھا کہ ان کی زبان باہر نکل آتی تھی لیکن زبان پر احد احد کہتے تھے

99 کیا خواتین پر کافروں نے ظلم کیا؟

جی ہاں خواتین پر کافروں نے ظلم کیا تھا۔

100 پہلی شہیدہ ہونے کا اعزاز کسے ملا؟

پہلی شہیدہ ہونے کا اعزاز حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا کو ملا۔

101 حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا کو کس نے شہید کیا؟

حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا کو ابوجہل نے نیزہ مار کر شہید کر دیا تھا۔

102 صحابہ نے حبشہ کی طرف ہجرت کیوں کی؟

جب کفارِ قریش مسلمانوں کو تکلیف دینے سے باز نہ آئے بلکہ ان کے مظالم میں اضافہ ہونے لگا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جان نثار صحابہ کو حبشہ کی طرف ہجرت کا حکم دیا۔

103 حبشہ کے بادشاہ کا تعارف لکھیں؟

حبشہ کا بادشاہ نجاشی عیسائی دین پر عمل کرتا تھا اور انصاف پسند اور نرم دل تھا۔

104 ہجرت اولیٰ کسے کہتے ہیں؟

اعلانِ نبوت کے پانچویں سال گیارہ مرد اور چار عورتوں کے ایک قافلے نے اپنے پیارے وطن کو چھوڑ کر حبشہ کی طرف ہجرت کی اسے ہجرت اولیٰ کہتے ہیں۔

105 — حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والوں کی کل تعداد کتنی تھی؟

حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والوں کی کل تعداد 82 تھی۔

106 — قریش نے حبشہ کے بادشاہ کی طرف وفد کیوں بھیجا؟

قریش نے جب دیکھا کہ مسلمان حبشہ کی طرف ہجرت کر رہے ہیں تو انہوں نے حبشہ کے بادشاہ کی طرف وفد بھیجا اور بادشاہ سے اصرار کیا کہ وہ ان مسلمانوں کو قریش کے حوالے کر دے مگر کفار کی یہ کوششیں ناکام ہوئیں

ساتواں باب

بائیکاٹ اور عام الحزن

Boycott and The Year of grief

سوالات و جوابات

107 — کفارِ مکہ کی خوش فہمی کیا تھی

کفار مکہ کو یہ خوش فہمی تھی کہ وہ اپنے وحشیانہ ظلم و ستم سے اسلام کی تحریک کو یا تو ختم کر دیں گے یا کمزور کر دیں گے لیکن ان کی تمام تر کوششوں کے باوجود مسلمانوں کی تعداد بڑھتی جا رہی تھی۔ اس صورتحال سے وہ آپے سے باہر ہونے لگے۔

Day: M T W T F S S Date:

108 کفارِ مکہ نے کیا اسکیم بنائی؟

تمام سرداروں قریش نے اسکیم بنائی کہ اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آپ کے خاندان کا مکمل بائیکاٹ کر دیا جائے، کوئی ان سے شادی بیاہ نہ کرے کوئی شخص ان لوگوں کے ہاتھ کوئی خرید و فروخت نہ کرے کوئی میل جول سلام علیکم اور ملاقات نہ کرے۔

109 معاہدہ لکھنے والے کا نام کیا تھا؟

معاہدہ لکھنے والے کا نام منصور بن عکرمہ تھا۔

110 ابو طالب کی گھاٹی کا نام کیا تھا؟

ابو طالب کی گھاٹی کا نام شعب ابی طالب تھا۔

111 شعب ابی طالب گھاٹی کون کون محصور تھا؟

شعب ابی طالب گھاٹی میں ابولہب کے علاوہ تمام بنو ہاشم محصور تھے۔ ان میں غیر مسلم بھی شامل تھے جو صرف اپنے خاندانی تعلق کی وجہ سے آپ کے ساتھ شریک تھے۔

112 بنو ہاشم اس گھاٹی میں کتنے سال رہے؟

بنو ہاشم اس گھاٹی میں تین سال رہے۔

113 بنو ہاشم نے گھاٹی میں دن کیسے گزارے؟

بنو ہاشم نے وہاں تین سال گزارے یہ تین سال کا زمانہ اس قدر سخت تھا کہ بنو ہاشم درختوں کے پتے اور سوکھے چمڑے ابال ابال کر کھاتے تھے۔ بچوں کے رونے کی آواز دور دور تک سنائی دیتی تھی۔

114 اللہ کریم نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا خبر دی؟

اللہ کریم نے اپنے محبوب علیہ السلام کو خبر دی کہ اس معاہدے کو دیمک نے اسطرح چاٹ لیا ہے کہ خدا کے نام کے سوا کچھ بھی باقی نہیں رہا.

115 ابوطالب نے اُس خبر کے بارے میں کفارِ قریش کو کیا؟

ابوطالب نے کفارِ قریش کو جا کر کہا کہ اے گروہ قریش! میرے بھتیجے نے مجھ کو اسطرح خبر دی ہے تم اپنا معاہدہ لاؤ اگر یہ خبر صحیح نکلی تو تم اس ظلم و سختی سے باز آجاؤ اور اگر غلط نکلی تو میں اپنے بھتیجے کو تمہارے حوالے کر دوں گا وہ اس پر راضی ہو گئے اور جب جا کر دیکھا تو ان کے ہوش اڑ گئے کہ جیسا آپ نے ارشاد فرمایا تھا حرف بحرف اسی طرح معاملہ تھا.

116 ابوطالب کی وفات کب ہوئی؟

اعلانِ نبوت کے دسویں سال جبکہ شعب ابی طالب کے محاصرے کو ختم ہوئے ابھی تھوڑا ہی وقت گزرا تھا تو ابوطالب کی وفات ہوئی.

117 حضرت خدیجہ کا وصال کب ہوا؟

ابوطالب کی وفات کو ایک ہفتہ نہ گزرا تھا کہ حضرت خدیجہ کا انتقال ہوا.

Day: M T W T F S S Date:

118 عام الحزن کسے کہتے ہیں؟

جب حضرت خدیجہ اور ابوطالب کا انتقال ہوا تو اس حادثے ایک ہی سال میں بڑی قلیل مدت میں واقع ہوئے اور آپ کو اس سے بہت رنج و غم ہوا تو نبی پاک نے اسے عام الحزن قرار دیا۔

آٹھواں باب

سفر طائف اور ہجرت مدینہ

119 آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کے سفر کس ارادے سے فرمایا؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ فرمایا کہ اگر طائف جاکر دعوت اسلام دیں اور وہاں کے سردار ایمان قبول کر لیتے ہیں تو اس سے مسلمانوں کو قوت اور طاقت ملے گی

120 طائف کے سفر میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کون تھا؟

طائف کے سفر میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام حضرت زید بن حارثہ ساتھ تھے

121 آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے کن سرداروں کو دعوت دی؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے سرداروں میں عبدیالیل اور اس کے بھائی مسعود اور حبیب کو اسلام کی دعوت دی

122 سرداروں نے دعوت قبول کرنے کی بجائے کیا کیا؟

سرداروں نے دعوت قبول کرنے کی بجائے مذاق اڑایا اور اور شہر کے لوگوں کو پیچھے لگا دیے جو جلوس کی شکل میں اکٹھے ہو گئے یہ لوگ بھبتیاں کستے ناز یبا جملے کہتے اور اپنے بتوں کا نعرہ لگاتے ہوئے آپ کے پیچھے لگ گئے۔

123 آپ کے غلام نے کس طرح اس ظلم کا مقابلہ کیا؟

آپ کے غلام زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ آپ کو پتھروں سے بچانے کیلئے خود آگے ہوتے اور پتھر اپنے بدن پر سہتے جس سے آپ لہو لہان ہو گئے۔

124 آپ نے کہاں پناہ لی؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ ایک باغ میں لی۔

125 وہ باغ کس کا تھا؟

وہ باغ مشہور کافر اور آپ کے دشمن عتبہ بن ربیعہ کا تھا۔

126 نصرانی غلام کا نام کیا تھا اور کس طرح اسلام قبول کیا؟

نصرانی غلام کا نام عداس تھا۔ وہ غلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک انگور کا خوشہ دیا جسے آپ نے قبول کیا۔ اور وہ غلام آپ کی باتیں سن کر اسلام قبول کیا۔

127 حضرت عائشہ نے حضور اکرم سے کیا دریافت فرمایا؟ آپ نے کیا جواب دیا؟

حضرت عائشہ نے حضور اکرم سے پوچھا کیا جنگ احد کے دن سے بھی زیادہ سخت دن آپ پر گزرا ہے تو آپ نے ارشاد فرمایا ہاں اے عائشہ وہ دن میرے لئے جنگ احد کے دن سے بھی سخت تھا جب میں نے طائف میں وہاں کے جاکر اسلام کی دعوت دی تو اہل طائف نے پتھراؤ کیا

Day: M T W T F S S　　Date:

128 پہاڑوں کے فرشتے نے کیا عرض کیا؟

پہاڑوں کے فرشتے نے عرض کرنے لگے: اے محمد اللہ پاک نے مجھے آپ کی خدمت بھیجا ہے تاکہ آپ مجھے جو چاہیں حکم دیں اور میں آپ کا حکم بجا لاؤں۔ اگر کہیں میں الجوبنین اور قیقعان یہ دونوں ان پر الٹ دوں

129 حضور اکرم نے سفر طائف سے واپسی پر کہاں آرام فرمایا؟

حضور اکرم نے سفر طائف سے واپسی پر نخلہ کے مقام پر آرام فرمایا

130 جنوں کی کونسی جماعت آپ کے پاس آئی؟

جنوں کی جماعت نصیبین آپ کے پاس آ گئی

131 مدینہ کا پہلا نام کیا تھا

مدینہ کا پہلا نام یثرب تھا۔

132 اعلان نبوت کے وقت مدینہ میں کونسے دو قبیلے رہتے تھے؟

اعلان نبوت کے وقت مدینہ میں اوس اور خزرج دو قبیلے رہتے تھے۔

133 کب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منیٰ تشریف لے گئے

اعلان نبوت کے گیارہویں (11th) سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حج کے موقع پر آنے والے قبیلوں کو دعوت اسلام دینے کیلئے منیٰ تشریف لے گئے۔

Day: M T W T F S S　　　　Date:

134 منیٰ میں کونسی مسجد ہے؟

منیٰ میں جو گھاٹی ہے وہاں مسجد العقبہ موجود ہے۔

135 بیعت عقبہ اولیٰ کسے کہتے ہیں؟

اعلان نبوت کے بارہویں سال (12ھ) حج کے موقع پر مدینہ میں سے 12 افراد منیٰ کی گھاٹی میں چھپ کر اسلام لائے اور آپ کے ہاتھ پر بیعت کی اسے بیعت عقبہ اولیٰ کہتے ہیں۔

136 بیعت عقبہ اولیٰ کا دوسرا نام کیا ہے؟

بیعت عقبہ اولیٰ سے مراد گھاٹی کی پہلی بیعت ہے۔ بیعت عقبہ اس وجہ سے کہتے ہیں کیونکہ یہ بیعت منیٰ کی پہاڑی میں ... جسے جمرۃ العقبہ کہتے ہیں

137 قبیلہ اوس کے سردار کا نام کیا تھا؟

قبیلہ اوس کے سردار کا نام حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ تھا۔

138 بیعت عقبہ ثانیہ سے کیا مراد ہے؟

اعلان نبوت کے تیرھویں سال حج کے موقع پر مدینہ سے تقریباً 72 افراد نے منیٰ کی اسی گھاٹی میں اسلام قبول کیا اور بیعت کی اس لیے بیعت عقبہ ثانیہ کہتے ہیں

139 مدینہ کی طرف سب سے پہلے ہجرت کس نے کی؟

مدینہ کی طرف سب سے پہلے ہجرت حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ نے کی۔

140 کون لوگ ہجرت کرنے سے رہ گئے

جو لوگ یا تو کافروں کی قید میں تھے یا غربت کی وجہ سے ہجرت نہیں کر سکتے تھے

DATE. DAY.

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ میں کون رکے رہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت علی رضی اللہ عنہ مکہ شریف میں رہے۔

قریش کے کافر کیوں پریشان تھے؟

قریش کے کافر اس لیے پریشان تھے کیونکہ مدینے کے لوگ اسلام لا چکے تھے اور بڑھتے جا رہے ہیں جبکہ مکہ کے لوگ بھی ہجرت کر کے مدینے کی طرف جا رہے تھے کیونکہ رسول اللہ نے اجازت دے دی۔

کفار مکہ نے کون مقام پر مشورہ کیا اور ابوجہل نے کیا تجویز دی

کفار مکہ کے سرداروں نے دار الندوہ کے مقام پر مشورہ کیا اور ابوجہل نے یہ تجویز دی کہ ہر قبیلے سے ایک ایک نوجوان کو تلوار دی جائے سب ایک ساتھ حملہ کر کے معاذ اللہ آپ کو شہید کر دیں۔ تمام قبائل کے لوگ متفق ہو گئے۔ اور اس پر سب نے اتفاق کیا اور اس طرح مجلس ختم ہوئی۔

جبریل امین نے حضور کو اللہ کا کونسا حکم دیا؟

جبریل امین نے حضور اکرم کو اللہ کا یہ حکم دیا کہ کافروں نے جو مشورہ کیا اور کہا کہ رات کو آپ اپنے بستر پر نہ سوئیں اور ہجرت کر کے مدینہ تشریف لے جائیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کو کیا فرمایا

حضرت علی کو فرمایا۔ تم میری چادر اوڑھ کر میرے بستر پر سو جاؤ اور صبح تمام امانتیں ان کے مالکوں کو پہنچا دو۔

151 مسجد قبا کی جگہ پر آپ کب تشریف لائے؟

12 ربیع الاول کو آپ تشریف لائے

152 سب سے پہلے میزبانی کا شریف کس قبیلے کو حاصل ہوا اور سردار کا نام کیا تھا؟

قبیلہ عمرو بن عوف اور اس کے سردار کا نام حضرت کلثوم بن ہدم تھا

153 نبی پاک نے کس کے مقام پر قیام فرمایا؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت کلثوم بن ہدم کے مکان میں قیام فرمایا

154 نبی پاک نے قبا شریف میں سب سے پہلا کام کیا کیا؟

وہاں مسجد کی تعمیر فرمائی

155 مسجد قبا کیلئے زمین کس نے دی؟

حضرت کلثوم بن ہدم نے زمین دی

156 راستے میں آپ نے پہلا جمعہ کہاں ادا فرمایا؟

راستے میں قبیلہ بنی سالم کی مسجد میں پہلا جمعہ ادا فرمایا

157 رسول اللہ نے اپنے قیام کے بارے میں کیا فرمایا؟

رسول اللہ نے فرمایا میری اونٹنی اللہ کے حکم سے جہاں بیٹھے گی تو میری قیام گاہ وہی ہوگی تو اونٹنی حضرت ابو ایوب انصاری کے گھر کے قریب بیٹھی

158 رسول اللہ نے حضرت ابو ایوب انصاری کے گھر میں کتنے مہینے قیام فرمایا؟

رسول اللہ نے حضرت ابو ایوب انصاری کے گھر میں سات مہینے قیام فرمایا.

159 نبی پاک کی قیام گاہ کے قریب کونسا باغ تھا اور اس زمین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

نبی پاک کی قیام گاہ کے قریب ایک باغ بنو نجار کا تھا. اور یہ زمین دو یتیموں کی تھی

160 اذان کی ابتدا کیسے ہوئی؟

حضرت عبداللہ بن زید انصاری اور دیگر صحابہ نے خواب میں اذان کے الفاظ سنے تو آپ کے حکم سے حضرت عبداللہ نے حضرت بلال کو اذان سکھائی اور وہ اذان دینے لگے

5

161 مسجد نبوی کی تعمیر کے بعد آپ نے کہاں انصار و مہاجر کو جمع فرمایا؟ اور آپ نے کیسے بھائی بھائی بنایا؟

مسجد نبوی کی تعمیر کے بعد آپ نے حضرت انس کے گھر میں انصار و مہاجر کو جمع فرمایا اور ایک ایک کو ملاتے جاتے اور فرماتے کہ یہ تمہارا بھائی ہے.

162 بیت المقدس کی طرف منہ کر کے حضورؐ نے کتنے مہینے نماز پڑھی؟

بیت المقدس کی طرف منہ کر حضورؐ نے 16 یا 17 مہینے نماز پڑھی۔

163 قبلہ کی تبدیلی میں کونسی آیت نازل ہوئی؟

ترجمہ: ہم دیکھ رہے ہیں بار بار تمہارا آسمان کی طرف منہ کرنا تو ضرور ہم تمہیں پھیر دیں گے اس قبلہ کی طرف جس میں تمہاری خوشی ہے ابھی اپنا منہ پھیر دو مسجد حرام کی طرف

164 تحویل قبلہ کسے کہتے ہیں؟

جس مسجد [illegible] میں مسجد قبلتین میں قبلے کی تبدیلی ہوئی اسے تحویل قبلہ کہتے ہیں۔

165 انصار کا رئیس کونسا تھا؟

انصار کا رئیس عبداللہ بن ابی تھا۔

166 عبداللہ بن ابی کو کافروں نے خط میں کیا لکھا؟

کافروں کو خط لکھا

تم مسلمانوں کو مدینہ سے نکال دو یا تم ان کو قتل کر دو ورنہ ہم تم پر حملہ کر کے تمہیں اپنی تلوار کا مزہ چکھا دیں گے۔

167 آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان حالات میں کن دو باتوں کی طرف توجہ دی

(1) اہل مکہ کے جو تجارتی قافلے شام جاتے تھے انہیں روکا جائے اور یہ راستہ بند کیا جائے تاکہ وہ لوگ صلح پر راضی ہوں

(2) اطراف کے جتنے بھی قبائل ہیں ان سے صلح کی جائے۔

168 غزوہ کس کو کہتے ہیں؟

وہ جنگی لشکر جس میں اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم بذات خود تشریف لائے ہوں اسے غزوہ کہتے ہیں۔

169 سریہ کسے کہتے ہیں؟

جس لشکر میں آپ نہیں شامل نہیں ہوئے اسے سریہ کہتے ہیں

170 غزوات اور سرایا کی تعداد لکھیں؟

غزوات کی تعداد 9 تھی اور سرایہ کی تعداد 47 یا 56 ہے

171 غزوہ بدر کسے کہتے ہیں؟

مسلمانوں کی سب سے پہلی اور بڑی جنگ ہوئی اسے غزوہ بدر کہتے ہیں

172 غزوہ بدر کو بدر کیوں کہتے ہیں؟

وہاں ایک کنواں تھا جس کے مالک کا نام بدر تھا اسی وجہ سے ~~کہتے~~ اسے غزوہ بدر کہتے ہیں۔

173 جنگ بدر کا معرکہ کیوں پیش آیا؟

کافروں نے ایک لڑائی مسلمانوں سے کی اور اس میں کافر ہار گیا اسی وجہ سے کافر بدلہ لینے کیلئے جنگ کا ارادہ کیا۔

174 غزوہ بدر دوسرا سبب کیا تھا؟

آپ نے کافروں کے ایک تجارتی قافلے پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا اسی وجہ سے غزوہ بدر کا معرکہ پیش آیا۔

DAY.

DATE.

175. آپ صلی اللہ علیہ وسلم کب بدر کی طرف روانہ ہوئے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم 12 رمضان 2 ہجری کو بدر کے مقام کی طرف روانہ ہوئے۔

176. کیا اس جنگ کی کوئی خاص تیاری تھی؟

نہیں اس جنگ میں کوئی خاص تیاری نہیں تھی۔

177. غزوہ بدر میں مسلمانی فوج کی تعداد کتنی تھی؟

غزوہ بدر میں مسلمانی فوج کی تعداد 313 تھی۔

178: مہاجر کی تعداد کتنی تھی؟

مہاجر کی تعداد 60 تھی۔

179: ابوسفیان نے کون سے دو کام کیے؟

ابوسفیان نے پہلا کام یہ کیا کہ اس کی خبر کر دے تاکہ یہ قافلہ کی حفاظت کا انتظام کریں

اور خود راستہ بدل کر قافلہ کو سمندر کی طرف لے کر نکل پڑے

180: کافروں کی تعداد کتنی تھی؟

کافروں کی تعداد ایک ہزار تھی

181: قریش کا لشکر کا رئیس کون تھا

عتبہ بن ربیعہ قریش لشکر کا رئیس تھا۔

DATE. ______ DAY. ______

182 اس جنگ میں خدا کی شان کیسے ظاہر ہوئی؟

اس جنگ میں خدا کی شان سے بارش برسی جس سے کافروں کی طرف کیچڑ ہو گئی اور مسلمانوں کے پاس ریت جم گئی۔

183 کافروں کے مرنے کا رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا؟

آپ نے رات کے وقت ایک لکڑی سے لکیر لگائے اور فرمائے کہ یہاں پر یہ کافر مرے گا۔ فلاں کی لاش یہاں پر ہو گی۔

184 حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کب مجاہدین کی صف بندی کا حکم؟

حضور اکرم نے 17 رمضان 2 ہجری کو مسلمانوں کی جمعہ کے دن صف بندی کی 13 مارچ 624

185 ابوجہل کو کس نے جہنم واصل کیا؟

ابوجہل کو دو کم عمر صحابہ حضرت معاذ اور معوذ رضی اللہ عنہ نے جہنم واصل کیا۔

186 جنگ میں کون سے سردار مارے گئے؟

جنگ میں ابوجہل، عتبہ، شیبہ وغیرہ مارے

187 اس جنگ میں کتنے کافر مارے اور قیدی ہوئے؟

اس جنگ میں 70 کافر مارے گئے اور 70 قیدی ہوئے

188 جنگ بدر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے.

جنگ بدر میں 14 مسلمانوں نے جام شہادت نوش فرمایا۔

DAY: DATE:

189 کونسے صحابی مقام صفرا کے مقام پر دفن ہوئے؟

حضرت عبیدہ بن حارث کو مقام صفرا پر دفن کیا گیا ہے

190 شہداء بدر کی فضیلت لکھیں؟

حضور نے فرمایا: بے شک اللہ پاک اہل بدر سے واقف ہے اور اسی نے فرمایا کہ تم اب جو عمل کرو بلا شبہ تمہارے لیے جنت واجب اور میں نے تمہیں بخش دیا ہے

191 غزوہ بدر کے قیدیوں کا فدیہ کیا تھا؟

غزوہ بدر کے قیدیوں کا فدیہ چار چار ہزار درہم اور مفلس قیدیوں کو چھوڑ دیا گیا اور پڑھے لکھے قیدیوں کو انصار کے دس دس لڑکوں کو لکھنا سکھانا تھا۔

192 غزوہ احد میں مسلمانوں میں منافق کون تھا

غزوہ احد میں منافق عبداللہ بن ابی تھا

193 غزوہ احد میں مسلمانی فوج کی تعداد کتنی تھی؟

غزوہ احد میں مسلمانی فوج کی تعداد 700 تھی

194 حضور اکرم کب میدان احد میں کیسے پہنچے؟

حضور اکرم 7 شوال کو ہفتہ کے دن فجر کے وقت پہنچے

195 درہ کی حفاظت کیلئے آپ نے کیا اقدام فرمایا؟

درہ کی حفاظت کیلئے آپ نے 50 تیر اندازوں کو کھڑا کر دیا

DAY: ______ DATE: ______

196 درہ کے تیر اندازوں کا افسر کون تھا؟

درہ کے تیر اندازوں کا افسر حضرت عبداللہ بن جبیر تھا۔

197 غزوہ احد میں نقصان کی وجہ کیا بنی؟

غزوہ احد میں جب تیر اندازوں نے دیکھا کہ مسلمانوں کو فتح مل گئی ہے اور باقی سب مال غنیمت اکٹھا کر رہے ہیں تو وہ بھی مال اکٹھا کرنے لگ گئے۔ پیچھے سے خالد بن ولید نے حملہ کر دیا۔

198 حضور اکرم کو غزوہ احد میں کس طرح زخمی کیا گیا؟

غزوہ احد میں ایک کافر نے حضور کے چہرے پر تلوار ماری جس سے خود کے کچھ ٹکڑے مبارک چہرے میں چبھ گئے دانت اور ہونٹ زخمی ہوئے

199 غزوہ احد میں شہداء کی تعداد اور ان انصاریوں کی تعداد کتنی تھی؟

غزوہ احد میں شہداء کی تعداد 70 تھی اور 66 انصاری صحابہ شامل تھے

200 غزوہ احد میں کتنے کافر مارے گئے؟

غزوہ احد میں 30 کافر مارے گئے۔

201 کونسے قبیلے کے لوگ حضور کے پاس آئے؟

قبیلہ عضل و قارہ کے لوگ حضور کے پاس آئے

202 کافروں نے کس طرح غداری کی؟

حضور نے جب دس صحابہ کرام کا قافلہ رجیع کے مقام پر بھیجا تو کافروں نے دھوکہ بازی سے آٹھ مسلمانوں کو شہید کیا اور دو کو مکہ لے جا کر فروخت کر دیا

DAY: ______ DATE: ______

211 منافقین نے غزوہ بنو مصطلق میں حضرت عائشہ پر کس طرح بہتان لگایا؟

غزوہ بنو مصطلق میں سے بی بی حضرت عائشہ پیچھے رہ گئی تھی اسی بنا پر منافقین نے بہتان لگایا۔

212 حضرت عائشہ کی پاکی اللہ نے کس طرح بیان فرمائی؟

اللہ تعالیٰ نے سورہ نور کی آیت نمبر ۱۱ تا ۲۵ میں حضرت عائشہ کی پاکی بیان کر کے منافقین کا بہتان قرار دیا

213 غزوہ خندق کا واقعہ کب پیش آیا

سن 5 ہجری میں غزوہ خندق کا واقعہ پیش آیا

214 غزوہ احزاب میں دشمن کی تعداد کتنی تھی؟

غزوہ احزاب میں دشمن کی تعداد 10 ہزار تھی

215 حضرت سلمان فارسی نے کس طرح مشورہ دیا؟

حضرت سلمان فارسی نے یہ مشورہ دیا کہ شہر کے اندر رہ کر دفاع کیا جائے، جس طرف کافروں کے حملے کا خطرہ ہے اس طرف خندق کھودی جائے۔ مدینہ میں طرف تنگ گلیاں اور مکانات مضبوط تھے۔ ادھر حملے کا امکان نہ تھا

216 خندق کھودنے کیلئے کب حضور روانہ ہوئے؟

سن 5 ہجری کو حضور خندق کھودنے کیلئے روانہ ہوئے

217 خندق کھودنے کیلئے کتنے صحابہ کرام تھے؟

خندق کھودنے کیلئے صحابہ تین ہزار تھے

218 خندق کی لمبائی چوڑائی اور گہرائی کتنی تھی؟

خندق 300 میٹر لمبی اور 90 میٹر چوڑی تھی اور خندق کی گہرائی 7 میٹر تھی

DAY: ________ DATE: ________

219 کافروں نے واپس جانے کا ارادہ کیوں کیا؟

جب کافروں کے بڑے لڑاکے مارے گئے تو باقی واپس بھاگ گئے۔ ابو سفیان کافروں کے سالار تھا۔ شدید سردی طویل محاصرے اور فوج کے راشن ختم ہونے سے سب واپس چلے گئے

220 غزوہ خندق میں کس نے معاہدہ توڑا؟

غزوہ خندق میں بنو قریظہ نے معاہدہ توڑ دیا۔

غزوہ بنو قریظہ کا محاصرہ کتنے دن تک جاری رہا؟

غزوہ بنو قریظہ کا محاصرہ 25 دن تک جاری رہا

221 غزوہ بنو قریظہ کا فیصلہ کس کے ہاتھ میں تھا؟

غزوہ بنو قریظہ کا فیصلہ حضرت سعد بن معاذ کے ہاتھ تھا

222 حضرت سعد نے کیا فیصلہ کیا؟

حضرت سعد نے فیصلہ دیا کہ لڑنے والوں کو قتل اور خواتین اور بچوں کو قید اور اموال مجاہدین میں تقسیم کر دیں

223 عمرہ کرنے کیلئے کتنے صحابہ اکرام جا رہے تھے؟

عمرہ کرنے کیلئے 1400 صحابہ جا رہے تھے

224 ہجرت کے کونسے سال عمرہ کا ارادہ کیا گیا؟

ہجرت کے چھٹے سال عمرہ کا ارادہ کیا گیا

225 کفار کے ارادے جاننے کیلئے کن کو بھیجا گیا؟

کفار کے ارادے کا پتہ لگانے کیلئے قبیلہ خزاعہ کے آدمی کو بھیجا گیا

226 کونسے مقام پر حضور اکرم نے پڑاؤ ڈالا

حدیبیہ کے مقام پر حضور اکرم نے پڑاؤ ڈالا

DAY:________ DATE:________

228 عمرہ کیلئے جانے والوں نے کیا معجزہ دیکھا؟

حدیبیہ کے مقام پر پانی کے ختم ہو گیا تھا. ایک کنواں تھا جو جلد ہی گھنٹوں میں ختم ہو گیا. جب صحابہ بے تاب ہوگئے تو آپ نے بڑے پیالے میں اپنا دست مبارک ڈال دیا اور آپ کی مقدس انگلیوں سے پانی کا چشمہ جاری ہو گیا. پھر آپ نے خشک کنویں میں اپنے وضو کا پانی اور تیر ڈال دیا تو پانی کنویں سے ابل پڑا.

229 صلح کا پیغام دینے کیلئے کافروں کے پاس کن کو بھیجا گیا؟

صلح کا پیغام دینے کیلئے کفار مکہ کے پاس حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو بھیجا گیا.

230 کافروں نے حضرت عثمان غنی سے کیا کہا؟ اور آپ نے کیا جواب دیا؟

کافروں نے ان سے کہا کہ ہم آپ کو اجازت دیتے ہیں کہ آپ کعبہ کا طواف کریں صفا و مروہ کی سعی کریں لیکن ہم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہرگز کعبہ میں نہ آنے دیں گے تو آپ نے فرمایا میں آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر کبھی بھی عمرہ ادا نہیں کروں گا.

231 بیعت کیوں لی گئی؟ اور بیعت کا نام تحریر کریں

جب حضور اکرم کو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر ملی تو آپ نے فرمایا عثمان کے خون کا بدلہ لینا ہم پر فرض ہے. پھر فرمایا کہ آپ ایک درخت کے نیچے بیٹھ کر تمام صحابہ سے اس بات پر بیعت لی کہ آخری دم تک ہم لوگ عہد وفادار ہوں گے. تمام صحابہ نے عہد کیا اور تاریخ اسلام میں اس بیعت کا نام بیعت الرضوان ہے.

232 قریش نے سہیل بن عمرو کو صلح کی کونسی شرائط لکھ کر بھیجی

صلح حدیبیہ کے معاہدے کی شرائط یہ ہیں.

(۱) ~~مسلمان~~ مسلمان اس سال بغیر عمرہ کے واپس چلے جائیں

(۲) آئندہ سال عمرہ کیلئے آئیں مگر مکہ میں صرف تین دن

DAY: ________ DATE: ________

(3) آئندہ 10 سال تک کوئی لڑائی نہیں ہوگی

(4) قبائلِ عرب جس کے ساتھ چاہیں دوستی کا معاہدہ کر سکتے ہیں

(5) مکہ سے کوئی مسلمان مدینہ جائے گا تو اسے واپس کرنا ضروری ہوگا

دسواں باب

بعد از حدیبیہ تا رحلت شریف

After Hudaybiyyah till Blessed apparent demise

سوالات جوابات

233 رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ کیا تھا؟

اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ تمام جہان کی طرف نبی ہیں اس لیے آپ نے ارادہ فرمایا کہ اسلام کا پیغام [crossed out] دنیا میں پھیلایا جائے۔

بادشاہوں کے نام خطوط کا سلسلہ

234 ہرقل کے پاس کون اسلام کی دعوت کا خط لے کر گیا اور نتیجہ کیا نکلا

ہرقل کے پاس حضرت دحیہ کلبی خط لے کر گئے۔ اور نتیجہ یہ نکلا کہ اسلام کی حقانیت کا قائل ہوا۔ مگر سلطنت کی لالچ میں کلمہ پڑھنے سے محروم رہا۔

235 کسریٰ (خسرو پرویز) کے پاس کون سے صحابی اسلام کی دعوت کا خط لے کر گئے اور نتیجہ بیان کرو؟

کسریٰ (خسرو پرویز) کے پاس حضرت عبداللہ بن حذافہ خط لے کر گئے۔ اس نے خط پھاڑ ڈالا اور اس کے بیٹے نے اسے قتل کر ڈالا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں اس کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا

236 کسریٰ کس ملک کا بادشاہ تھا؟

کسریٰ طیسفون کا بادشاہ تھا

237 اصحمہ نے کس طرح اسلام قبول کیا؟

اصحمہ کے پاس حضرت عمرو بن امیہ خط لے کر گئے اس نے خط کی تعظیم کی اور اسلام قبول کر لیا۔

238 اصحمہ کس ملک کا بادشاہ تھا؟

اصحمہ اکسوم کا بادشاہ تھا

239 اسکندریہ کے بادشاہ کا نام لکھیں؟

اسکندریہ کے بادشاہ کا نام مقوقس (شاہ مصر) تھا

240 اسکندریہ کے بادشاہ کو کس صحابی نے دعوت دی اور نتیجہ بیان کرو

اسکندریہ کے پاس حضرت حاطب بن ابی بلتعہ نے دعوت دی خط کی تعظیم کی مگر مسلمان نہ ہوا قیمتی تحائف آپ علیہ السلام کی طرف بھیجے

241 بحرین کے بادشاہ کا نام اور اسلام قبول کرنے کا واقعہ لکھیں؟

بحرین کے بادشاہ کا نام منذر بن ساوی تھا اس نے خط کی تعظیم کی اور قوم کے اکثر افراد کے ساتھ اسلام قبول کیا۔

DAY: ______ DATE: ______

242 حضرت عمرو بن عاص کس کے پاس خط لے کر گئے اور نتیجہ لکھیں؟

حضرت عمرو بن عاص جلندی کے دو بیٹے جیفر اور عبد کے پاس خط لے کر گئے اور اسلام قبول کر لیا۔

243 یمامہ کے بادشاہ کا نام اور خط لے کر جانے والے صحابی کا نام اور نتیجہ تحریر کریں؟

یمامہ کے بادشاہ کا نام ہوذہ بن علی اور صحابی کا نام حضرت سلیط بن عمرو اور اس نے خط کی لفظوں کا صحیح احترام کیا مگر اسلام قبول نہیں کیا۔

244 غوطہ کے بادشاہ کا نام لکھیں؟

غوطہ کے بادشاہ کا نام حارث بن ابی شمر غسانی تھا۔

245 حضرت شجاع بن وہب نے کس کو دعوت دی اور نتیجہ لکھیں؟

حضرت شجاع نے حارث بن ابی شمر غسانی کو دعوت دی وہ خط پڑھ کر برہم ہوگئیں اور اپنی فوج کو تیاری کا حکم دے دیا اس کی وجہ سے غزوہ تبوک جیسا معرکہ پیش آئے

246 غزوہ خیبر کا واقعہ کب اور کس مہینے میں پیش آیا؟

غزوہ خیبر کا واقعہ محرم الحرام کے مہینے میں ایک قول کے مطابق سات ہجری کا واقعہ ہے۔

247 خیبر کسے کہتے ہیں؟

کیونکہ یہاں پر یہودیوں نے بہت سے مضبوط قلعے بنا رکھے تھے جن میں آٹھ قلعے مشہور ہیں۔ ان آٹھ قلعوں کے مجموعے کو خیبر کہا جاتا ہے۔

DAY: ________ DATE: ________

250 خیبر کی طرف کتنے صحابہ اکرام روانہ ہوئے؟

خیبر کی طرف ۱۶۰۰ سولہ سو صحابہ کرام علیھم الرضوان روانہ ہوئے۔

251 حضور اکرم کا جنگ میں کیا عادت مبارکہ ہوا کرتی ہے؟

حضور اکرم کا جنگ میں عادت مبارکہ ہوا کرتی تھی کہ رات کے وقت کسی بھی قوم پر حملہ نہیں فرماتے تھے۔

252 قموص قلعہ کون سا قلعہ تھا؟

خیبر کا سب سے بڑا اور مضبوط قلعہ قموص تھا۔

253 غزوہ خیبر میں کتنے صحابہ شہید ہوئے؟

غزوہ خیبر میں 15 صحابہ اکرام شہید ہوئے تھے۔

254 غزوہ خیبر میں کتنے کافر مارے گئے؟

غزوہ خیبر میں 93 یہودی مارے گئے تھے۔

255 فتح کے بعد یہودیوں نے رسول اللہ سے کیا درخواست کی؟

فتح کے بعد یہودیوں نے رسول اللہ سے درخواست کی کہ انہیں خیبر سے نہ نکالا جائے اور زمین بھی ان کے قبضے میں رہنے دی جائے یہاں کی پیداوار کا آدھا حصہ ان سے لے لیا جائے۔ اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی درخواست منظور فرمائی۔

DAY: ______ DATE: ______

256 غلہ کو کس نے تقسیم کیا؟

غلہ کو حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے تقسیم فرمایا۔

257 عمرہ کی ادائیگی کیلئے رسول اللہ ﷺ نے کیا اعلان فرمایا؟

عمرہ کی ادائیگی کیلئے رسول اللہ ﷺ نے اعلان فرمایا کہ جو لوگ پچھلے سال حدیبیہ میں شریک تھے وہ سب چلیں۔

258 قربانی کیلئے کتنے اونٹ ساتھ لئے گئے تھے؟

قربانی کیلئے 60 اونٹ ساتھ لئے گئے تھے۔

259 رسول اللہ ﷺ کو مکہ میں آتا دیکھ کر کافر کیا کہتے تھے؟

رسول اللہ ﷺ کو مکہ میں آتا دیکھ کر کافر کہتے تھے کہ یہ بھلا کیسے طواف کریں گے ان کو تو بھوک اور بخار نے کمزور کر دیا ہے۔

260 رسول اللہ ﷺ کی کونسی سنت آج بھی عمرہ میں ادا کی جاتی ہے؟

جب رسول اللہ ﷺ حرم میں پہنچے تو چادر کو اسطرح اوڑھ لیا کہ آپ کا دایاں کندھا اور بازو کھل گیا۔ صحابہ کرام نے ساتھ شروع کے تین پھیروں میں کندھوں کو ہلا ہلا کر اور خوب اکڑ کر چل کر طواف کیا یہی سنت بحال کی جاتی ہے۔

261 عمرۃ القضا کسے کہتے ہیں؟

چونکہ یہ عمرہ پچھلے سال والے عمرہ کی قضا کی وجہ سے تھا اس لیے اسے عمرۃ القضا کہتے ہیں۔

262 بصریٰ کی طرف کون صحابی گئے تھے؟

بصریٰ کی طرف حضرت حارث بن عمیر رضی اللہ عنہ گئے تھے۔

263 قاصد کو کس نے شہید کیا تھا؟

قاصد کو شرحبیل بن عمرو نے شہید کر دیا۔

DAY: ______ DATE: ______

264 حضور اکرم نے حضرت حارث بن عمیر کے شہید ہونے پر کیا کیا؟

حضور اکرم نے حضرت حارث بن عمیر کی شہادت کے بعد تین ہزار کا لشکر تیار فرمایا اور مبارک ہاتھوں سے سفید رنگ کا جھنڈا باندھ کر حضرت زید کے ہاتھ میں دیا۔ اور ساتھ ارشاد فرمایا اگر یہ شہید ہو جائیں تو جعفر بن ابو طالب امیر ہونگے اور ان کے بعد عبداللہ بن رواحہ۔

265 قیصر روم کی کتنی فوج تھی؟ اور عیسائی کتنے شامل ہوئے تھے؟

قیصر روم کی ایک لاکھ فوج تھی اور اس کے ساتھ مزید ایک لاکھ عیسائی عرب شریک ہو گئے تھے۔

266 حضرت زید نے مشاورت میں کیا کہا؟

حضرت زید بن حارثہ نے مشاورت میں کہا اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خط لکھ کر مزید فوج کی درخواست کریں یا جنگ میں کود پڑیں۔

267 حضرت عبداللہ بن رواحہ نے کیا فرمایا؟

حضرت عبداللہ بن رواحہ نے فرمایا۔ ہمارا مقصد فتح یا مال نہیں بلکہ ہمارا تو مقصود ہی شہادت ہے۔

268 حضرت زید نے کہاں پڑاؤ ڈالا؟

حضرت زید نے موتہ کے مقام پر پڑاؤ ڈالا

269 حضرت عبداللہ بن رواحہ کی شہادت کے بعد اسلامی لشکر کا جھنڈا کس نے اٹھایا؟

حضرت عبداللہ بن رواحہ کی شہادت کے بعد اسلامی لشکر کا جھنڈا حضرت خالد بن ولید نے اٹھایا۔

270 غزوہ موتہ میں کتنے صحابہ کرام شہید ہوئے تھے؟

غزوہ موتہ میں 12 صحابہ کرام شہید ہوئے تھے

DAY: ________ DATE: ____ ____

271 حضرت خالد بن ولید کے ہاتھوں کتنی تلواریں ٹوٹیں؟

حضرت خالد بن ولید کے ہاتھ نو تلواریں ٹوٹیں

272 حدیبیہ کے صلح کے مطابق مسلمانوں اور کفار قریش درمیان کتنے سال تک جنگ بندی کا معاہدہ تھا؟

حدیبیہ کے صلح کے مطابق مسلمانوں اور کفار قریش درمیان 10 سال تک جنگ بندی کا معاہدہ تھا۔

273 قبیلہ بنو بکر کس کے ساتھ ملے؟

قبیلہ بنو بکر قریش کے ساتھ مل گئے۔

274 مسلمانوں کے ساتھ کونسا قبیلہ مل گیا؟

مسلمانوں کے ساتھ بنو خزاعہ مل گیا۔

275 بنو خزاعہ پر کس نے حملہ کیا؟

بنو خزاعہ پر بنو بکر نے حملہ کیا

276 بنو خزاعہ کے کتنے لوگ قتل ہوئے!

بنو خزاعہ کے 23 لوگ قتل ہوئے۔

277 آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کونسی تین باتیں قریش کی طرف بھیجیں؟

(1) مقتولوں کی دیت ادا کرو

(2) یا پھر بنو بکر سے اتحاد ختم کر دو

(3) یا پھر یہ اعلان کر دو کہ حدیبیہ کا معاہدہ ختم ہو گیا۔

278 قریش نے کونسی بات مانی؟

قریش کے نمائندے نے معاہدہ ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔

DAY: __________ DATE: ___ ______

284 حضور اکرم نے کونسے فرمان جاری فرمائے؟

(۱) جو شخص ہتھیار ڈال دے گا اس کیلئے امان ہے
(۲) جو اپنا دروازہ بند کرے اس کیلئے امان ہے
(۳) جو کعبہ میں داخل ہو جائے اس کیلئے امان ہے۔
(۴) جو ابو سفیان کے گھر داخل ہو جائے اس کیلئے امان ہے۔

285 حضرت خالد کے لشکر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے اور کتنے کافر مارے گئے؟

حضرت خالد کے لشکر میں تین مسلمان شہید ہوئے اور 12 کافر مارے گئے۔

286 حضور اکرم نے جنگ ہونے پر کیا فرمایا؟

آپ نے فرمایا۔ رب کی تقدیر یہی ہے خدا نے جو چاہا وہی بہتر ہے۔

287 اللہ کے آخری نبی جب فاتح کلہ بن گئے کس طرح عاجزی فرمائی؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاجزی اختیار فرمائی اور سورۃ فتح کی آیات تلاوت فرماتے اس طرح سر مبارک جھکا کر اونٹنی پر بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ کا سر اونٹنی کے پالان سے لگ رہا تھا۔ آپ نے اونٹنی کو بٹھایا۔ طواف کیا حجر اسود کو بوسہ دیا۔ تمام بت نکال دئیے گئے جب تمام بتوں سے کعبہ پاک ہو گیا آپ اندر تشریف لے گئے تمام گوشوں پر تکبیر پڑھائی اور دو رکعت نماز ادا فرمائی

DAY: DATE:

288 مسلمانوں پر کس قبیلے نے حملہ کیا

مسلمانوں پر قبیلے ہوازن نے حملہ کیا۔

289 حضور اکرم کے ساتھ کتنی مسلمانی فوج تھی؟

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ 12 ہزار مسلمانی فوج تھی

290 اسلامی لشکر کا کافروں سے کس جگہ پر سامنا ہوا؟

اسلامی لشکر کا کافروں سے مکہ اور طائف کے درمیان میں حنین نامی جگہ پر سامنا ہوا

291 غزوہ حنین کے بعد حضور سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا؟

غزوہ حنین سے واپسی پر آپ نے طائف کی طرف روانہ ہوئے طائف کے قلعہ کا محاصرہ کیا۔ محاصرہ دو ہفتے سے زائد جاری رہا۔ مگر فائدہ نہ ہوا اور آپ نے محاصرہ ختم کرنے کا حکم دیا

292 نبی کریم صلی علیہ وآلہ وسلم مکہ شریف نے کتنے دن قیام فرمایا؟

نبی کریم صلی علیہ وآلہ وسلم دو ہفتوں سے زائد مکہ شریف میں قیام فرمایا

293 غزوہ تبوک کا واقعہ کب پیش آیا؟

غزوہ تبوک کا واقعہ نو ۹ سال کا رجب میں پیش آیا

294 جیش العسرۃ کسے کہتے ہیں.

مدینہ اور شام کے درمیان ایک جگہ ہے جس کا نام تبوک ہے اس میں غزوہ تبوک پیش آیا اسے جیش العسرۃ (تنگی کی فالشکر) بھی کہا جاتا ہے۔

DAY: ______ DATE: ______

295 مسلمانوں سے کس نے غزوہ تبوک میں جنگ کی؟

مسلمانوں سے رومی اور غیر عیسائیوں نے غزوہ تبوک میں جنگ کا ارادہ کیا۔

296 حضرت ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہم نے غزوہ تبوک میں کتنا سامان دیا؟

حضرت ابوبکر نے گھر کا پورا سامان اور حضرت عمر نے گھر کا آدھا سامان دیا۔

297 غزوہ تبوک میں کتنی تعداد مسلمانوں کی تھی؟

غزوہ تبوک میں تیس ہزار (30) ہزار تھی۔

298 غزوہ تبوک میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

جاسوسوں نے قیصر کو جب لشکر اسلام کی شان و شوکت اور تعداد کا بتایا تو قیصر اور اس کی فوج سب وہ لوگ پیچھے ہٹ گئے اور جنگ نہ ہوئی۔

299 حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبوک میں کتنے دن قیام فرمایا؟

حضور اکرم نے بیس دن (20) قیام فرمایا۔

300 غزوہ تبوک سے واپسی پر حضور اکرم نے کیا کام کیا؟

غزوہ تبوک سے واپسی پر اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے نویں (9th) سال ذوالقعدہ کے مہینے میں تین سو مسلمانوں کا ایک قافلہ حج کیلئے مکہ مکرمہ روانہ فرمایا۔

DAY: ____________ DATE: ____________

301 حج کے امیر اور نقیب اسلام اور معلم کون تھے

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو امیر حج حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو نقیب اسلام اور حضرت سعد بن ابی وقاص حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہم کو معلم بنایا گیا

302 حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے کتنے اونٹ دیئے تھے؟

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قربانی 20 اونٹ دیئے تھے

303 حج کے موقع پر حضرت ابوبکر اور حضرت علی نے کون سے کام لیے؟

حج کے موقع پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حرم کعبہ اور عرفات و منیٰ میں خطبہ پڑھا حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور سورہ براءت کی چالیس آیتیں پڑھ کر سنائیں اور اعلان کیا کہ کوئی مشرک کعبہ میں داخل نہ ہو

304 مشرکین کے امان کے ختم ہونے کی مدت کتنی تھی؟

مشرکین کے امان کے ختم ہونے کی مدت چار مہینے تھی۔

305 وفود کسے کہتے ہیں؟

9 ہجری کو وفود کا سال بھی کہا جاتا ہے وفود عربی میں وفد کی جمع ہے وفد اس سے زائد افراد کے گروہ کو کہتے ہیں

306 وفود کس طرح اسلام قبول کرتے تھے؟

وفود میں سے کچھ وفد کے لوگ مبلغین کے سامنے دعوت اسلام قبول کر کے مسلمان ہو جاتے جبکہ بعض قبائل

DAY: ______ DATE: ______

306 اس بات کے خواہش مند ہوتے کہ براہ راست بارگاہ نبوت میں حاضر ہو کر جمال نبوت کی زیارت کریں اور اسلام قبول کریں لیکن اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے دعوت اسلام کا پیغام سن کر اسلام قبول کر لیتے تھے۔

307 فتح مکہ نے کس رکاوٹ کو دور کیا؟

بہت سے قبائل پہلے ہی اسلام کی حقانیت کے قائل ہو چکے تھے مگر قریش کے ڈر اور دباؤ کی وجہ سے اسلام قبول نہیں کر سکتے تھے فتح مکہ نے اس رکاوٹ کو دور کر دیا

308 "سَنَۃُ الوُفُود" کسے کہتے ہیں؟

فتح مکہ کے بعد 9 ہجری میں بہت زیادہ وفود آنے کی وجہ سے اس سال کا نام ہی سَنَۃُ الوُفُود رکھا گیا

309 9 ہجری میں کتنے وفود حضور اکرم کے بارگاہ میں حاضر ہوئے؟

9 ہجری میں تقریباً 60 وفود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔

310 قبائل سے آنے والے وفود کے ساتھ حضور اکرم کس طرح پیش آتے تھے؟

ہر وفد کے آنے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نہایت خندہ پیشانی سے

DAY: ______ DATE: ______

311 وفد کندہ کہاں سے اور کتنی تعداد میں تھے؟

وفد کندہ کے لوگ یمن کے اطراف میں رہتے تھے

اس قبیلے کے 70 یا 80 افراد پر مشتمل تھا

312 وفد کندہ کے لوگوں نے ریشمی لباس کیوں اتار دیئے؟

نبی اکرم کی بارگاہ میں حاضری سے پہلے

وفد کندہ کے لوگوں نے ریشمی لباس پہن کر آئے تھے اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں

سے پوچھا کیا تم نے اسلام قبول کر لیا ہے

سب نے عرض کی جی ہاں آپ نے فرمایا پھر تم نے

ریشمی لباس کیوں پہن رکھا ہے یہ سنتے ان لوگوں

نے ریشمی لباس اتار دیئے۔

313 وفد فزارہ کتنے افراد پر مشتمل تھا؟

وفد فزارہ بیس افراد پر مشتمل تھا۔

314 وفد فزارہ نے اپنی پریشانی کیا بیان کی؟

وفد فزارہ نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ

ہمارے علاقے میں سخت قحط ہے۔ فقر و فاقہ ہمارے لیے

ناقابل برداشت ہے۔ کرم فرمائیں بارش کی دعا فرمائیں

315 زیادہ بارش کے باعث وفد فزارہ کا کیا نقصان ہونے لگا؟

زیادہ بارش کے باعث وفد فزارہ کے مویشی ہلاک ہونے

لگے۔ بال بچے بھوک سے بے قرار ہونے لگے۔ تمام راستے بند ہو گئے۔

DAY: ______ DATE: ______

316 قبیلہ سعد بن بکر کا سردار کون تھا؟

قبیلہ سعد بن بکر کا سردار حضرت ضمام بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ تھا۔

317 حضرت ضمام بن ثعلبہ نے حضور اکرم سے کیا کہا؟

حضرت ضمام بن ثعلبہ نے حضور سے عرض کیا۔ اے عبدالمطلب کے بیٹے! میں آپ سے چند چیزوں کے بارے میں سوال کروں گا۔ سوالوں میں سختی کروں گا۔ آپ مجھ سے ناراض مت ہو جائیے گا۔

318 نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور ضمام بن ثعلبہ کے درمیان مکالمہ اپنے الفاظ میں تحریر کریں؟

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے حضرت ضمام بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ سے کہا تم جو چاہو مجھ سے پوچھ سکتے ہو۔ ضمام بن ثعلبہ نے کہا۔ میں آپ کو اس خدا کی قسم دے کر جو آپ اور تمام انسانوں کا پروردگار ہے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ ہماری طرف اللہ پاک کے نبی بنا کر بھیجے گئے۔ حضور اکرم نے عرض کی: ہاں۔ ضمام بن ثعلبہ نے کہا کہ کیا نماز روزہ اور حج و زکوٰۃ اللہ پاک نے ہم پر فرض کی ہے۔ آپ صلی اللہ نے فرمایا ہاں۔ ضمام بن ثعلبہ نے کہا کہ میں اس پر ایمان لایا اور میں ضمام بن ثعلبہ ہوں۔

319 ضمام بن ثعلبہ نے اپنے قبیلے والوں کو کیا کہا اور نتیجہ کیا نکلا؟

ضمام بن ثعلبہ نے وطن پہنچ کر ساری قوم کو جمع کر کے بتوں کی مذمت بیان کی پھر اسلام کی حقانیت پر زبردست تقریر فرمائی اس سے قبیلے کے تمام لوگ رات بھر مرد و عورتیں

DAY: DATE:

مسلمان ہو گئے اور لوگوں نے بتوں کو پاش پاش کر ڈالا

اور مسجد بنائی اور اسلامی اخلاق پر عمل کرنے والے

پکے مسلمان بن گئے۔

DATE. ________ DAY. ________

320 حجۃ الوداع کا واقعہ کب پیش آیا؟

ہجرت کے دسویں (10th) سال کاس سے اہم واقعہ حجۃ الوداع پیش آیا.

321 حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ کتنی تعداد میں لوگوں نے حج کیا؟

حضور اکرم کے ساتھ کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار (124000) پروانے شمع رسالت نے حج کیا

322 جمرات کے قریب حضور اکرم کیا کہا اور اس میں کیا ظاہر ہوتا ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. مجھ سے حج کے مسائل سیکھ لو! شاید اس کے بعد میں دوسرا حج نہ کروں. اس سے یہ ظاہر ہوا کہ اس سے ظاہراً پردہ فرمانے کا اشارہ موجود ہے.

323 نبی کریم کب مدینہ سے روانہ ہوئے؟

نبی کریم ذوالقعدہ کی آخری جمعرات کو مدینہ شریف روانہ ہوئے.

324 نبی کریم نے احرام کب/ کہاں باندھا؟ مکہ میں کب داخل ہوئے؟

نبی کریم نے احرام ذوالحلیفہ پہنچ کر باندھا اور 4 ذوالحجہ کو مکہ شریف میں داخل ہوئے.

325 منیٰ اور عرفات کی طرف کب حضور تشریف لے گئے؟

8 ذوالحجہ کو منیٰ میں اور 9 تاریخ کو عرفات کی طرف حضور اکرم تشریف لے گئے.

326 حضور کی اونٹنی کا نام کیا تھا اور حج کے موقع پر کیا خطبہ پڑھا؟

حضور اکرم کی اونٹنی کا نام قصوا تھا. اور اس پر چڑھ کر فرمایا کہ زمانہ جاہلیت کی تمام ہر ائیوں اور یہود کے رسموں کو مٹا کر اعلان فرمایا

DATE. ______ DAY. ______

ایک تفصیلی سوال

حجۃ الوداع کے موقع پر نبی کریم کے چند ارشاد تحریر کریں؟ 327

حضور اکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے حجۃ الوداع کے موقع پر کیے جانے والے ارشادات یہ ہیں

☆ تمہارا رب ایک ہے. اور بے شک تمہارے باپ (حضرت آدم علیہ السلام) ایک ہیں. کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کسی سفید کو کسی کالے پر اور کسی کالے کو کسی سفید پر کوئی فضیلت نہیں مگر تقوی کے سبب سے

☆ تمام انسان آدم ہیں اور آدم مٹی سے بنائے گئے اب فضیلت و برتری کے سارے دعوے خون و مال کے سارے مطالبے اور سارے انتقام میرے پاؤں تلے ہیں

☆ اے لوگو ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اور سارے مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں

☆ کسی کیلئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے بھائی سے کچھ لے مگر وہ کہ جس پر اس کا بھائی راضی ہو اور خوشی سے دے اے لوگو! خود پر اور ایک دوسرے پر ظلم مت کرو۔

☆ تمہارا خون اور تمہارا مال تم پر تاقیامت اسطرح حرام ہے جس طرح تمہارا یہ دن، تمہارا

یہ مہینہ تمہارا یہ شہر محترم ہے

☆ اے لوگو! خواتین سے بہتر سلوک کرو! کیونکہ وہ تمہارے تابع ہیں۔ اور خود سے کچھ نہیں کر سکتیں

☆ پھر فرمایا۔ تم سے رب کریم میرے بارے میں پوچھے گا تو تم کیا کہو گے؟ صحابہ کرام نے عرض کیا۔ آپ نے خدا کا پیغام پہنچا دیا اور رسالت کا حق ادا کر دیا۔ اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمان کی طرف انگلی اٹھائی اور تین بار فرمایا۔ اے اللہ! گواہ رہنا۔ اس کے بعد وحی کے ذریعے دین مکمل ہونے کی سند عطا فرمائی گئی اور پھر اپنے حج کی تکمیل فرمائی۔

229 **حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے سال پہلے حج ادا فرمایا؟**

آخری نبی علیہ السلام نے آج سے تقریباً ساڑھے چودہ سو سال پہلے یہ خطبہ ارشاد فرمایا تھا۔

230 **نبی کریم کس چیز پر بیٹھ کر خطبہ ارشاد فرمایا؟**

نبی کریمؐ اونٹنی کے کجاوے پر تشریف فرما کر خطبہ دیا۔

231 **نبی کریم نے اپنے خطبہ میں کس کے متعلق رہنمائی فرمائی؟**

نبی کریم نے اپنے خطبے میں انسانی حقوق۔ بالخصوص حقوق نسواں غلاموں کے حقوق۔ جان مال عزت آبرو کی حفاظت معاشی اصلاحات وغیرہ۔

232 **آپ نے کہاں کہاں خطبے ارشاد فرمائے؟**

آپ علیہ السلام نے عرفات اور منیٰ میں خطبے ارشاد فرمائے۔

DATE. ________ DAY. ________

333 قربانی کے کتنے اونٹوں کو حضور نے اور حضرت علی نے نحر فرمایا؟
قربانی کے سو اونٹوں میں سے کچھ اونٹ حضور نے اور باقی حضرت علی نے نحر فرمائے۔

334 حضور اکرم نے کب سر کے بال اتروائے؟
قربانی کرنے کے بعد حضور اکرم نے اپنے بال مبارک اتروائے۔

335 حضور اکرم نے موئے مبارک کن کو عطا فرمائے؟
حضور اکرم کے بالوں کا کچھ حصہ حضرت ابو طلحہ انصاری کو عطا فرمائے اور باقی مسلمانوں میں تقسیم فرمانے کا حکم دیا۔

336 حضور اکرم کب جنت البقیع تشریف لے گئے؟
حضور اکرم ہجرت کے گیارہویں سال 20 یا 22 صفر کو جنت البقیع آدھی رات کو تشریف لے گئے۔

337 حضور اکرم بیماری کی حالت کس زوجہ کے گھر تشریف فرما ہوئے
حضور اکرم نے تمام ازواج مطہرات سے اجازت لے کر حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف فرما ہوئے۔

338 بیماری کے بڑھنے پر کس نے مصلی پر نماز پڑھائی؟
بیماری کے بڑھنے پر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نمازیں پڑھائیں۔

339 حضرت ابو بکر نے کتنی نمازیں پڑھائیں؟
حضرت ابو بکر نے حضور اکرم کی زندگی میں 17 نمازیں پڑھائیں۔

DATE. ____________ DAY. ____________

340 وفات سے تھوڑی دیر پہلے کے حالات تحریر کریں؟

وفات سے تھوڑی دیر پہلے حضرت عائشہ کے بھائی حضرت عبدالرحمن بن ابوبکر تازہ مسواک ہاتھ میں لے کر حاضر ہوئے۔ آپ نے ان کی طرف نظر جما کر دیکھا۔ حضرت عائشہ سمجھیں کہ مسواک کی خواہش ہے۔ انہوں نے فوراً ہی مسواک کو نرم کیا اور دستِ اقدس میں دے دی۔ آپ نے مسواک فرمائی۔

341 حضور اکرم نے کب رحلت فرمائی؟

پیر کے دن ربیع الاول کے مہینے میں آپ نے رحلت فرمائی۔ مشہور قول کے مطابق 12 ربیع الاول ہجرت کے گیارہویں سال رحلت فرمائی۔

342 نبی کریم کے جنازہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

حضرت عباس نے نبی علیہ السلام کی نمازِ جنازہ کے بارے میں فرمایا جب نبی علیہ السلام وصال فرما گئے تو مرد داخل ہونے۔ انہوں نے بغیر امام کے صلوٰۃ وسلام پڑھا۔ پھر عورتیں داخل ہوئیں صلوٰۃ وسلام پڑھا پھر بچے داخل ہوئے اور صلوٰۃ وسلام پڑھا پھر غلام گئے صلوٰۃ وسلام پڑھا کسی نے امامت نہ کروائی۔

343 نبی کریم کے مدفون کے بارے میں اختلاف تحریر کریں

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مدفون کے بارے میں شروع میں اختلاف ہوا۔ اس موضوع پر حضرت ابوبکرؓ فرمایا میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ ہر نبی اپنی وفات کے بعد اسی جگہ دفن کیا جاتا ہے جس جگہ اس کی وفات ہوتی۔ اس حدیث کو سن کر حضرت عائشہ کے حجرے میں دفن کیا۔

DATE. ______ DAY. ______

344 حضور اکرم کے جسم اقدس کو قبر منور میں کس نے اتارا؟

حضرت ابوطلحہ انصاری نے لحد والی قبر شریف تیار کی۔ حضرت علی حضرت فضل بن عباس حضرت قثم بن عباس اور حضرت عباس رضی اللہ عنہم نے جسم اقدس کو قبر منور میں اتارا

گیارہواں باب

شمائل اور فضائل کا بیان

Blessed Attributes and Appearance of the Holy Prophet

سوال جواب

345 حضرت انس کے قول کے مطابق حضور اکرم کا جسم اطہر کے بارے میں لکھیں؟

حضرت انس فرماتے ہیں کہ اللہ کے آخری نبی علیہ السلام کا جسم اطہر بہت نرم ونازک تھا میں نے ریشمی کپڑے کو بھی آپ کے بدن سے زیادہ نرم ونازک نہیں دیکھا اور جسم مبارک کی خوشبو سے زیادہ اچھی کوئی خوشبو نہ سونگھی۔

DATE. ________ DAY. ________

346 حضور اکرم کے سایہ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

حضور اکرم کے خصائص میں سے ہے کہ آپ کا سایہ نہ تھا
سورج چاند یا کسی بھی روشنی میں سایہ زمین نہیں پڑتا تھا۔

347 حضور اکرم کی مہر نبوت کے بارے لکھیں؟

آپ کے دونوں شانوں کے درمیان کبوتر کے انڈے کے برابر
مہر نبوت تھی

348 حضور اکرم کی قد مبارک کے متعلق تحریر فرمائیں؟

آپ کا قد مبارک درمیانہ تھا۔ آپ کا معجزہ تھا کہ جب اگر
ہوتے کو درازی مائل درمیانہ قد والے ہوتے اور جب اوروں
کے ساتھ چلتے یا بیٹھتے تو سب سے بلند دکھائی دیتے۔

349 چہرہ انور کے بارے تحریر کریں؟

حضرت انس فرماتے ہیں۔ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کا چہرہ
مبارک کا رنگ نہ تو چونے کی طرح بالکل سفید تھا نہ ہی گندمی بلکہ
سرخ و سفید اور چمکدار چہرے کا مالک تھے۔

350 مبارک آنکھوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں اور کان مبارک کے بارے

مبارک آنکھیں بڑی بڑی اور قدرتی طور پر سرمگیں تھیں
آنکھوں کا معجزہ تھا کہ جس طرح آپ سامنے والی چیزوں
کو دیکھ لیا کرتے اسی طرح آپ پیچھے والی چیزوں کو دیکھا کرتے تھے
رسول خدا نے فرمایا میں ان چیزوں کو دیکھتا ہوں جن کو تم نہیں دیکھتے میں ان کو سنتا ہوں جن کو تم نہیں سنتے

351 مبارک ہاتھوں کے بارے تحریر کریں؟

آپ کے مبارک ہاتھ نرم و نازک اور گوشت سے بھرے ہوئے
جس شخص سے مصافحہ فرماتے وہ دن بھر ہاتھوں کو خوشبودار

DATE. ________ DAY. ________

پاتا۔

352 قدم مبارک حضور اکرم کے کیسے تھے۔

آپ کے قدم مبارک چوڑے اور گوشت سے بھرے ہوئے پاؤں کی نرمی اور نزاکت کا حال یہ تھا کہ پانی نہیں ٹھہرتا تھا۔

353 عرب کے مشہور کھانا حیس کے متعلق لکھیں؟

عرب میں ایک کھانا جو گھی، پنیر اور کھجور ملا کر پکایا جاتا ہے اسے حیس کہتے ہیں۔

354 حضور اکرم کے مرغوب کھانے کے متعلق لکھیں؟

حضور اکرم کے کھانوں میں حیس، گوشت، سرکہ، شہد، روغن زیتون اور کدو شریف کھجور اور ستو بھی بلذت تناول فرماتے۔

355 حضور اکرم کے پسندیدہ لباس تحریر کریں؟

اللہ کے آخری نبی علیہ السلام زیادہ تر سوتی لباس زیب تن فرماتے جبہ، قبا، پیرہن، تہبند، حلہ، چادر عمامہ، ٹوپی، موزہ، سفید کپڑا، اور سبز رنگ کا کپڑا۔

356 مبارک سواریاں تحریر کریں؟

رسول خدا کو گھوڑے کی سواری بہت پسند تھی اس کے علاوہ اونٹ، خچر اور دراز گوش پر بھی سواری فرماتے۔

357 اخلاق مبارکہ پر ارشاد باری تعالیٰ لکھیں؟

ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝

ترجمہ کنز الایمان:

اور بیشک تم یقیناً عظیم اخلاق پر ہو۔

DATE. ________ DAY. ________

358 نبی کریم کا تمام جہانوں کیلئے رحمت ہونے پر مختصر فضائل لکھیں؟

دیگر انبیائے کرام کسی خاص قوم کی طرف بھیجے جاتے آپ تمام مخلوق
انسان و جن بلکہ ملائکہ، حیوانات، جمادات سب کی طرف مبعوث ہوئے۔
آپ فرشتوں، انسانوں، جنات، حور غلمان، حیوانات، جمادات
غرض تمام جہان کیلئے رحمت ہیں۔ مسلمانوں پر تو نہایت ہی مہربان ہیں

359 معجزہ معراج مختصر لکھیں؟

آپ مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک اور وہاں سے ساتوں آسمانوں، عرش
و کرسی تک۔ بلکہ عرش سے بھی اوپر رات کے تھوڑے حصے میں
جسمانی حالت میں تشریف لے گئے اسے معجزہ معراج کہتے ہیں۔

360 حضور اکرم کی محبت پر ایک فضائل تحریر کریں

آپ کی محبت مدار ایمان بلکہ ایمان اسی محبت کا ہی نام ہے
جب تک آپ کی محبت ماں باپ اولاد اور تمام جہانوں سے زیادہ
نہ ہو آدمی مسلمان نہیں ہو سکتا۔

361 اطاعت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر مختصر لکھیں؟

آپ کی اطاعت ~~بعینہٖ~~ عین اطاعت الٰہی ہے بلکہ اللہ پاک کی
اطاعت سرکار علیہ السلام کی اطاعت کے بغیر ناممکن ہے۔
یہاں تک اگر فرض نماز میں ہو آپ اسے یاد فرمائیں تو فوراً جواب دے۔

362 حضور اکرم کے معجزات میں کچھ تحریر کریں؟

چاند کے دو ٹکڑے کر دینا، ڈوبا سورج پلٹا دینا، لکڑی کو
بلب کی مانند روشن کر دینا، لعاب دہن سے کھاری کنووں
کو میٹھا کرنا، دور دراز کے افراد کی امداد کرنا، انگلیوں سے
پانی کے چشمے جاری کرنا، اشارے پر بارش کا برسانا
قرآن پاک بھی آپ کے معجزات میں سے ہے۔

DATE. DAY.

363 بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر گناہوں کی معافی چاہنے پر آیت کریمہ تحریر کریں؟

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا۝ (پ 5 النساء: 64)

ترجمہ: اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تو اے حبیب! تمہاری بارگاہ میں حاضر ہو جاتے پھر اللہ سے معافی مانگتے اور رسول (بھی) ان کی مغفرت کی دعا فرماتے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پاتے۔

364 نبی علیہ السلام کی شانِ رحمت پر آیت کریمہ لکھیں؟

وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ (پ 17 الانبیاء: 107)

ترجمہ: اور ہم نے تمہیں تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر ہی بھیجا۔

365 اللہ پاک اور فرشتوں کا نبی علیہ السلام پر درود اور مسلمانوں کو درود و سلام کا حکم آیت کریمہ کی روشنی میں۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓىٕكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِیِّ ؕ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۝ (پ 22 الاحزاب 56)

ترجمہ: بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو! ان پر درود اور خوب سلام بھیجو

366 نبی علیہ السلام پر انعامِ الٰہی اور عطائے کوثر پر آیت کریمہ تحریر کریں

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ۝ (پ 30 الم نشرح: 4)

ترجمہ: اور ہم نے تمہاری خاطر تمہارا ذکر بلند کر دیا۔

إِنَّا أَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ﴿۱﴾ (پ 30، الکوثر: 1)

ترجمہ:

اے محبوب بیشک ہم نے تمہیں بے شمار خوبیاں عطا فرمائیں

367 **تمام بنی آدم کے سردار پر حدیث مع ترجمہ تحریر کریں**

اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَبِيَدِي لِوَاءُ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَ وَمَا مِنْ نَبِيٍّ يَوْمَئِذٍ آدَمُ فَمَنْ سِوَاهُ إِلَّا تَحْتَ لِوَائِي (ترمذی کتاب المناقب باب فی ما جاء فی فضل النبی)

میں روز قیامت تمام آدمیوں کا سردار ہوں اور اس پر کوئی فخر نہیں میرے ہاتھ میں لوائے حمد کا پرچم ہوگا اور اس پر کوئی فخر نہیں ہے قیامت کے دن (حضرت) آدم اور ان کے سوا جتنے ہیں سب میرے پرچم تلے ہوں گے۔

ایک تفصیلی سوال

368 **پانچ خصوصیات مصطفی تحریر کریں**

اللہ کے آخری نبی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: مجھے پانچ ایسی چیزیں عطا کی گئی جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں دی گئی۔

(1) ایک ماہ کی مسافت کی رعب کے ذریعے میری مدد کی گئی

(2) میرے لئے مال غنیمت حلال کیا گیا حالانکہ مجھ سے پہلے وہ کسی کیلئے حلال نہیں تھا

(3) میرے لئے تمام زمین کو سجدہ گاہ اور مٹی کو پاک بنایا گیا لہٰذا جب کسی کو نماز کا وقت ہو جائے تو وہیں نماز پڑھ لے

(4) مجھے منصب شفاعت عطا کیا گیا

(5) ہر نبی کو ایک خاص قوم کی طرف مبعوث کیا گیا جبکہ مجھے تمام لوگوں کی طرف بھیجا گیا۔

DATE. ____________

DAY. ____________

369 حضرت ابوہریرہ کے قول کے مطابق اول الانبیاء پر حدیث تحریر کریں

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک بار صحابہ کرام علیہم الرضوان نے بارگاہ رسالت میں عرض کی یا رسول اللہ ارشاد فرمائیے کہ آپ کو شرف نبوت سے کب سرفراز فرمایا گیا؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ: میں اس وقت بھی نبی تھا جب کہ آدم کی تخلیق ابھی جسم اور روح کے مرحلے میں تھی۔

370 شانِ مصطفیٰ بزبان عمر چند سطور میں لکھیں؟

صحابی رسول حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:
یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان! پہلے آپ کھجور کے ایک تنے پر خطبہ ارشاد فرماتے۔ لوگوں کی کثرت کی وجہ سے پھر آپ منبر پر خطبہ دینے لگے۔ کھجور کا وہ تنا آپ کی جدائی میں رونے لگا یہاں تک کہ آپ نے اپنا دست شفاعت اس پر رکھا تو اسے قرار آیا آپ کی جدائی پہ آپ کی امت کا رونے کا زیادہ حق رکھتی ہے۔
یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان! آپ کے رب کے ہاں آپ کا مقام اتنا بلند ہے کہ اس نے آپ کی اطاعت کو اپنی اطاعت قرار دیا ہے چنانچہ ارشاد فرمایا۔

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ (پ۵، النساء: 80)

ترجمہ: جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی

یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان! اللہ پاک نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ معجزہ دیا کہ پتھر (پر عصا مارنے) سے چشمے بہہ نکلے لیکن اس سے بڑھ کر حیرت انگیز بات یہ ہے کہ آپ کی مبارک انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری ہوئے۔